مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام



# نقوشِ وضو

ترتیب

مفتی محمد فیاض احمد سعیدی
جامعہ سراج الحرمین اچھرہ لاہور

297.5
نق 753
14121

سراج الحرمین پبلی کیشنز اچھرہ لاہور

آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

نظامیہ کتاب گھر زبیدہ سنٹر اُردو بازار لاہور

Cell: 0301-4377868

Marfat.com

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا قُمۡتُمۡ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ فَٱغۡسِلُواْ
وُجُوهَكُمۡ وَأَيۡدِيَكُمۡ إِلَى ٱلۡمَرَافِقِ وَٱمۡسَحُواْ
بِرُءُوسِكُمۡ وَأَرۡجُلَكُمۡ إِلَى ٱلۡكَعۡبَيۡنِ (المائدہ:٦)

# کتاب مستطاب

# نقوش وضو

علامہ مفتی

محمد فیاض احمد سعیدی حفظہ اللہ تعالیٰ

جامعہ سراج الحرمین اچھرہ، لاہور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاسَیِّدِیْ یَارَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ اَغِثْنِیْ

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

پروف ریڈنگ:۔ علامہ ضیاء احمد قادری

علامہ محمد شہر یار ارشد رضوی

تحریک:۔ علامہ اظہار احمد چشتی (ناظم تعلیمات جامعہ سراج الحرمین)

حروف ساز:۔ علامہ علی اصغر نقشبندی (جامع مسجد خضراء)

محترم سجاد نسیم عطاری

297.53

ق 757 س

١٤١٣١٤

Marfat.com

## فہرست

فرائض وضو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳
وضو کے متفرق مسائل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷
وضو کی پہیلیاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹
اعضائے وضو دھوتے وقت کی دعائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۵
غسل کے بعد وضو نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸
وضو کا پانی مسجد میں گرانا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۹
وضو میں نیّت کیا کرے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰
عمامہ پر مسح کا حکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۱
اعضائے وضو قیامت میں روشن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۱
وضو کے مکروہات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۲
وضو کے مستحبات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۳
وضو کا بچا ہوا پانی پینا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۴
وضو سے گناہ دھلتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۵
موزوں پر مسح کرنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷
امام کو نماز میں شبہ کیوں پڑتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸
مستعمل پانی کے درجات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹
نگاہ امام اعظم علیہ الرحمہ کی حکایات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰
وضو کی سنتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳
وضو کے طبی فوائد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۷

Marfat.com

وضو کی فرضیت کب سے ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۱

وسوسے اور انکا علاج ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۴

ایک وضو سے کئی نمازیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۵

پانی سے وضو کی حکمت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۷

سنتِ رسول ﷺ مسواک کی توہین کا انجام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۶

مسواک کی فضیلت اور مسائل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۷

وضو سے محبت کے درخشندہ اوراق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۹

وضو میں پردہ پوشی کا عجیب انداز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

نماز میں قہقہہ سے وضو ٹوٹ جائیگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۲

پاؤں دھونے کا حکم ہے نہ کہ مسح کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۴

وضو سے رزق میں برکت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۴

اصطلاحات شرعیہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۵

وضو کی اصلاح کا محبت بھرا انداز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۷

وضو کے بعد تولیہ کا استعمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۸

بغیر وضو نماز اداء کرنے کی سزا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۹

وضو کا طریقہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۰

وضو کے بعد سورۃ قدر پڑھنے کی فضیلت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۲

نماز نہ پڑھنا کتنا بڑا گناہ ہے؟ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۳

نماز دیر سے پڑھنے پر سزا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۳

ترکِ جماعت پر وعید ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۴


Marfat.com

زکوٰۃ نہ ادا کرنے کا گناہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۶
قطع رحمی کا گناہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۸
عذابِ قبر کی وجوہات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۰
چغل خور جنت سے دور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۱
کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کا حکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۴
بد مذہبی کی بو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۶
آیت الکرسی اور سورۃ یٰس کی فضیلت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۷
سورۃ واقعہ اور سورۃ ملک کی فضیلت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۸
سورۃ کہف کی فضیلت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۹

Marfat.com

# فرائض وضوء

اللہ عزوجل فرماتا ہے: ﴿ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ ﴾(۱)

ترجمہ: اے ایمان والو جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرو (اور وضونہ ہو) تو اپنے منہ اور کہنیوں تک ہاتھوں کو دھوؤ اور سروں کا مسح کرو اور ٹخنوں تک پاؤں دھوؤ۔

## احکام فقہی:

یہ آیت کریمہ جو اوپر لکھی گئی اس سے یہ ثابت ہوا کہ وضوء میں چار فرض ہیں:

(۱) منہ دھونا

(۲) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کا دھونا

(۳) سر کا مسح کرنا

(۴) ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں کا دھونا

## ا۔ منہ دھونا:

شروع پیشانی سے (جہاں سے بال جمنے کی انتہا ہو) ٹھوڑی (یعنی نیچے کے دانت جمنے کی جگہ) تک طول میں اور عرض میں ایک کان سے دوسرے کان تک منہ ہے اس حد کے اندر جلد کے ہر حصہ پر ایک مرتبہ پانی بہانا فرض ہے (۲)

مسئلہ ا:

جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے یا جمے نہیں اس پر وہیں تک منہ

(۱) پ ٦، المائدة: ٦ (۲) "درالمختار" معه "ردالمحتار" كتاب الطهاره، ج ١ ص٢١٦ تا ٢١٩۔



Marfat.com

دھونا فرض ہے جہاں تک عادۃً بال ہوتے ہیں اور اگر عادۃً جہاں تک بال ہوتے ہیں اس سے نیچے تک کسی کے بال جمے تو ان زائد بالوں کا جڑ تک دھونا فرض ہے [1]

**مسئلہ ۲:**

مونچھوں یا بھوؤں یا بچی (وہ چند بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ ہوتے ہیں) کے بال گھنے ہوں کہ کھال بالکل نہ دکھائی دے تو جلد کا دھونا فرض نہیں بالوں کا دھونا فرض ہے اور اگر ان جگہوں کے بال گھنے نہ ہوں تو جلد دھونا بھی فرض ہے [2]

**مسئلہ ۳:**

اگر مونچھیں بڑھ کر لبوں کو چھپا لیں تو اگرچہ گھنی ہوں، مونچھیں ہٹا کر لب کا دھونا فرض ہے [3]

**مسئلہ ۴:**

داڑھی کے بال اگر گھنے نہ ہوں تو جلد کا دھونا فرض ہے اور اگر گھنے ہوں تو گلے کی طرف دبانے سے جس قدر چہرے کے گردے میں آئیں ان کا دھونا فرض ہے اور جڑوں کا دھونا فرض نہیں اور جو حلقے سے نیچے ہوں انکا دھونا ضروری نہیں اور اگر کچھ حصہ میں گھنے ہوں اور کچھ چھدرے تو جہاں گھنے ہوں وہاں بال اور جہاں چھدرے ہیں اس جگہ جلد کا دھونا فرض ہے [4]

**مسئلہ ۵:**

لبوں کا وہ حصہ جو عادۃ لب بند کرنے کے بعد ظاہر رہتا ہے، اس کا دھونا فرض ہے تو اگر کوئی خوب زور سے لب بند کرلے کہ اس میں کا کچھ حصہ چھپ گیا

---

(۱) فتاویٰ ہندیہ، کتاب الطہارۃ، الفصل الاول ج ۱ ص ٤ (۲) الفتاویٰ الرضویہ ج ۱ ص ٢١٤

(۳) الفتاویٰ الرضویہ ج ۱ ص ٤٤٦ (٤) الفتاویٰ الرضویۃ ج ۱ ص ٢١٤، ٤٤٦۔



Marfat.com

کہ اس پر پانی نہ پہنچا' نہ کلی کی کہ ڈھل جاتا تو وضو نہ ہوا' ہاں وہ حصہ جو عادۃً منہ بند کرنے میں ظاہر نہیں ہوتا اس کا دھونا فرض نہیں (۱)

**مسئلہ ۶:**

رخسار اور کان کے بیچ میں جو جگہ ہے جسے کنپٹی کہتے ہیں' اس کا دھونا فرض ہے ہاں اس حصہ میں جتنی جگہ داڑھی کے بال گھنے ہوں وہاں بالوں کا اور جہاں بال نہ ہوں یا گھنے نہ ہوں تو جلد کا دھونا فرض ہے (۲)

**مسئلہ ۷:**

نتھ کا سوراخ اگر بند نہ ہو تو اس میں پانی بہانا فرض ہے اگر تنگ ہو تو پانی ڈالنے میں نتھ کو حرکت دے ورنہ ضروری نہیں (۳)

**مسئلہ ۸:**

آنکھوں کے ڈھیلے اور پپوٹوں کی اندرونی سطح کا دھونا کچھ درکار نہیں بلکہ نہ چاہیئے کہ مُضر ہے (۴)

**مسئلہ ۹:**

منہ دھوتے وقت آنکھیں زور سے میچ لیں کہ پلک کے متصل ایک خفیف سی تحریر بند ہوگئی اور اس پر پانی نہ بہا اور وہ عادۃً بند کرنے سے ظاہر رہتی ہو تو وضو ہو جائیگا مگر ایسا کرنا نہیں چاہیئے اور اگر کچھ زیادہ دھلنے سے رہ گیا تو وضو نہ ہوگا (۵)

---

(۱)درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی معنی الاشتقاق الخ' ج۱ ص۲۱۹۔ والفتاوی الرضویه' ج ۱ ص ۲۱٤ (۲)الفتاویٰ الرضویه' ج ۱ ص ۲۱٦' درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة مطلب فی معنی الاشتقاق -- الخ ج ۱ ص ۲۲۰۔ (۳)الفتاویٰ الرضویه' ج ۱ ص ٤٤٥ (٤)درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی معنی الاشتقاق -- الخ ج ۱ ص ۲۲۰(٥)الفتاویٰ الرضویه ج ۱ ص۲۲۰۔



Marfat.com

مسئلہ۱۰:

آنکھ کے کونے (ناک کی طرف آنکھ کا کونہ) پر پانی بہانا فرض ہے مگر سرمہ کا جرم کونے یا پلک میں رہ گیا اور وضوء کرلیا اور اطلاع نہ ہوئی اور نماز پڑھ لی تو حرج نہیں نماز ہوگئی' وضو بھی ہوگیا اور اگر معلوم ہے تو اسے چھڑا کر پانی بہانا ضروری ہے۔

مسئلہ۱۱:

پلک کا پورا بال دھونا فرض ہے اگر اس میں کیچڑ وغیرہ کوئی سخت چیز جم گئی ہو تو چھڑانا فرض ہے (۱)

مسئلہ۱۲:

اگر کہنیوں سے ناخن تک کوئی جگہ ذرہ بھر بھی دھلنے سے رہ جائے گی وضوء نہ ہوگا (۲)

(۲) ہاتھ دھونا: اس حکم میں کہنیاں بھی داخل ہے۔ (۳)

مسئلہ۱۳:

ہر قسم کے جائز و ناجائز گہنے' چھلے' انگوٹھیاں' پہنچیاں (ایک زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے) کنگن کانچ' لاکھ وغیرہ کی چوڑیاں' ریشم کے لچھے وغیرہ اگر اتنے تنگ ہوں نیچے پانی نہ پہنچے تو اتار کر دھونا فرض ہے اور اگر صرف ہلا کر دھونے سے بہہ جاتا ہو تو حرکت دینا ضروری ہے اگر ڈھیلے ہوں کہ بے ہلائے بھی نیچے پانی بہہ جائے گا تو کچھ ضروری نہیں۔

---

(۱) الفتاویٰ الرضویہ ج ۱ ص ٤٤٤ (۲) فتاویٰ ھندیہ ' کتاب الطھارت' الباب الاول فی الوضوء' فصل الاول' ج۱ ص ٤ (۳) فتاویٰ ھندیہ کتاب الطھارۃ الباب الاول فی الوضوء' فصل الاول ج ۱ ص ٤۔



Marfat.com

# وضوء کے متفرق مسائل

مسئلہ ۱: اگر وضوء نہ ہو تو نماز اور سجدہ تلاوت اور نماز جنازہ اور قرآن عظیم چھونے کے لئے وضوء کرنا فرض ہے (۱)

مسئلہ ۲: طواف کے لئے وضوء واجب ہے (۲)

مسئلہ ۳: غسل جنابت سے پہلے اور جُنب کو کھانے، پینے، سونے اور اذان و اقامت اور خطبۂ جمعہ وعیدین اور روضۂ مبارکہ رسول ﷺ کی زیارت اور وقوفِ عرفہ اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کے لئے وضوء کر لینا سنت ہے۔

مسئلہ ۴: سونے کے لئے اور سونے کے بعد اور میت کے نہلانے یا اٹھانے کے بعد اور جماع سے پہلے اور جب غصہ آجائے اس وقت اور زبانی قرآن عظیم پڑھنے کے لئے اور حدیث اور علم دین پڑھنے پڑھانے اور علاوہ جمعہ وعیدین باقی خطبوں کے لئے اور کتب دینیہ چھونے کے لئے اور بعد ستر غلیظ چھونے اور جھوٹ بولنے گالی دینے، فحش لفظ نکالنے، کافر سے بدن چھو جانے، صلیب یا بُت چھونے، کوڑھی یا سپید داغ والے سے مس کرنے، بغل کھجانے سے جب کہ اس میں بدبو ہو، غیبت کرنے، قہقہہ لگانے، لغو اشعار پڑھنے اور اونٹ کا گوشت کھانے، کسی عورت کے بدن سے اپنا بدن بے حائل مس ہو جانے سے اور باوضوء شخص کے نماز پڑھنے کے لئے ان سب صورتوں میں وضوء مستحب ہے (۳)

---

(۱) "نورالایضاح" کتاب الطهارت، فصل: الوضوء علی ثلاثة اقسام، ص ۱۸ (۲) "درالمختار" وردالمحتار، کتاب الطهارة ج ۱ ص ۲۰۵ و "فتاویٰ الهندیه" کتاب الطهارت، الباب الاول فی الوضوء، الفصل الثالث، ج ۱ ص ۹ (۳) نورالایضاح " کتاب الطهارت، فصل الوضوء علی ثلاثه اقسام ص ۱۹۔ الفتاویٰ الرضویه" ج ۱ ص ۷۲۴۔۷۱۵۔



Marfat.com

**مسئلہ۵:** جب وضوء جاتا رہے تو وضوء کرنا مستحب ہے۔(۱)

**مسئلہ۶:** نابالغ پر وضوء فرض نہیں مگر ان سے وضوء کرانا چاہیئے تاکہ عادت ہوجائے اور وضوء کرنا آجائے اور مسائل وضوء سے آگاہ ہوجائے۔(۲)

**مسئلہ۷:** لوٹے کی ٹونٹی نہ ایسی تنگ ہو کہ پانی بدقت گرے نہ اتنی فراخ ہو کہ حاجت سے زیادہ گرے بلکہ متوسطہ ہو(۳)

**مسئلہ۸:** چلّو میں پانی لیتے وقت خیال رکھیں کہ پانی نہ گرے کہ اسراف ہوگا۔ ایسا ہی جس کام کے لئے چلو میں پانی لیں اُس کا اندازہ رکھیں ضرورت سے زیادہ نہ لیں مثلاً ناک میں پانی ڈالنے کے لئے آدھا چلو کافی ہے تو پورا چلّو نہ لے کہ اسراف ہوگا(۴)

**مسئلہ۹:** ہاتھ' پاؤں' سینہ' پُشت پر بال ہوں تو ہڑتال وغیرہ سے صاف کرڈالے یا ترشوالے' نہیں تو پانی زیادہ خرچ ہوگا(۵)

**مسئلہ۱۰:** وسوسہ کا بالکل خیال نہ کرنا بلکہ اس کے خلاف کرنا دافع وسوسہ ہے(۶)

---

(۱) فتاویٰ الهندیه" کتاب الطهارت الباب الاول فی الوضوء' الفصل الثالث ج ۱ ص۹

(۲)"ردالمحتار" کتاب الطهارت' الباب الاول فی الوضوء' الفصل الثالث' ج ۱ ص۹

(۳)"فتاویٰ الرضویه" ج ۱ ص ۷٦٥ (٤)الفتاویٰ الرضویه' ج ۱ ص ۷٦٥ (٥)الفتاویٰ الرضویه ج۱ ص۷٦۹ (٦)الفتاویٰ الرضویه' ج ۱ ص ۷۷۰۔



Marfat.com

# وضوء کی پہیلیاں

(۱) کب داڑھی میں خلال کرنا مکروہ ہے؟

(۲) وضوء میں کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا جائز نہیں' اس کی صورت کیا ہے؟

(۳) دوسرے کو وضوء کے لئے پانی دینا جائز نہیں' اس کی کیا صورت ہے؟

(۴) وہ کون شخص ہے کہ جس پر نماز فرض ہوتی ہے مگر اسے نماز پڑھنے کے لئے نہ وضوء کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی تیمّم کی؟

(۵) پانی زیادہ ہونے کے باوجود اعضائے وضوء کو تین تین بار دھونا جائز نہیں' اس کی کیا صورت ہے؟

(۶) کس صورت میں وضوء کرنے والے کو پیر دھونا ضروری نہیں؟

(۷) وہ کون مسلمان ہے کہ چاہیئے جس طرح بھی سوئے نیند سے اسکا وضوء نہیں ٹوٹتا؟

(۸) ہوا نکلنے سے وضوء نہیں ٹوٹتا ہے' اس کی کیا صورت ہے؟

(۹) خون یا پیپ نکل کر بہا مگر وضوء نہیں ٹوٹا' اس کی کیا صورت ہے؟

(۱۰) منہ پھرتے ہوئی اور وضوء ٹوٹا' اس کی کیا صورت ہے؟

(۱۱) بالغ آدمی رکوع وسجود والی نماز میں ٹھٹھا مار کر ہنسا اور وضوء ٹوٹا' اس کی صورت کیا ہے؟

(۱۲) دونوں طرف سلام پھیر دینے کے بعد بھی قہقہہ مار کر ہنسنے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے اس کی کیا صورت ہے؟

(۱۳) کن صورتوں میں وضوء کرنا فرض ہے؟



Marfat.com

(۱۴) کس صورت میں وضوء کرنا واجب ہے؟

(۱۵) کن صورتوں میں وضوء کرنا سنت ہے؟

(۱۶) کن صورتوں میں وضوء کرنا مستحب ہے؟

(۱۷) وضوء کے بعد غیر معذور کے بدن سے نجاست نکلی مگر وضوء کی دوبارہ حاجت نہیں' اس کی صورت کیا ہے؟

(۱۸) ظہر کے وقت میں پورا وضوء کرنے کے بعد چمڑے کا موزہ پہنا مگر عصر کے وقت وضوء کرنے میں وہ موزہ پر مسح نہیں کرسکتا' اس کی صورت کیا ہے؟

(۱۹) چمڑا کے ایک ہی موزہ میں پیر کی تین چھوٹی انگلیوں کی مقدار ٹخنے کے نیچے نظر آرہا ہے۔ اس کے باوجود اس موزہ پر مسح کرنا جائز ہے' اس کی صورت کیا ہے؟

## جوابات وضوء کی پہیلیاں

(۱) جبکہ احرام باندھے ہو تو ایسے وقت میں داڑھی کا خلال مکروہ ہے جیسا کہ الاشباہ والنظائر ص۹۱ میں ہے تخليل الشعر سنة فی الطهارت ویکره للمحرم۔

(۲) جبکہ نماز کا وقت تنگ ہوگیا یا کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے سے فرائض وضوء کے لئے پانی پورا نہیں ہوگا' تو ان صورتوں میں کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا جائز نہیں جیسا کہ الاشباہ والنظائر ص ۱۱۷ میں ہے۔ لوضاق الوقت اوالماء عن سنن الطهارة حرم فعلها۔

(۳) جبکہ نماز کا وقت ہوگیا اور کسی شخص کے پاس پانی اتنا ہے کہ جس سے صرف ایک آدمی کا وضوء ہوسکتا ہے تو اس صورت میں اس شخص کو خود تیمّم کرنا اور



Marfat.com

دوسرے کو وضوء کے لئے پانی دینا جائز نہیں جیسا کہ علامہ ابن نجیم مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں: لو دخل الوقت ومعه ماء يتوضأ به فوهبه لغيره ليتوضأ به لم يجز لا اعرف فيه خلافاً لان الايثار انما يكون فيما يتعلق بالنفوس لا فيما يتعلق بالقرب والعبادات (الاشباه والنظائر ص ۱۱۹)

(۴) جس شخص کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کہنیوں اور ٹخنوں کے اوپر سے کٹے ہوں اور چہرہ زخمی ہو تو ایسے شخص پر نماز فرض ہوتی ہے مگر اس کو نماز پڑھنے کے لئے نہ وضوء کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ تیمّم کی جیسا کہ نورالایضاح باب التیمم ص ۴۴ میں ہے۔ مقطوع اليدين والرجلين اذا كان بوجهه جراحة يصلى بغير طهارة ولا يعيد۔ اسی طرح درمختار مع شامی جلد اول ص ۱۶۸ میں بھی ہے۔

(۵) جبکہ جانتا ہو کہ اعضائے وضوء تین تین بار دھونے سے نماز قضاء ہو جائے گی تو اس صورت میں پانی زیادہ ہونے کے باوجود اعضائے وضوء کو تین تین بار دھونا جائز نہیں۔ کما ھو الظاھر۔

(۶) جبکہ وضوء کرنے کے بعد چمڑے کا موزہ پہنے ہو تو مقیم کے لئے ایک دن ایک رات اور مسافر کے لئے تین دن اور تین راتیں وضوء کرنے میں پیر کا دھونا ضروری نہیں بلکہ مسح کافی ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری)

(۷) وہ نبی علیہ السلام ہیں کہ چاہے جس طرح سوئیں نیند سے ان کا وضوء نہیں ٹوٹتا اور جو شخص کہ ریاح نکلنے کی بیماری کے سبب معذور ہو اس کا بھی وضوء کسی طرح کی نیند سے نہیں ٹوٹتا۔ بہارِ شریعت حصہ دوم ص ۲۷ میں ہے۔ انبیاء علیہم السلام کا سونا ناقض وضوء نہیں ہے اُن کی آنکھیں سوتی ہیں مگر دل جاگتے



Marfat.com

ہیں۔اور بحرالرائق جلد۱ ص۳۹ میں ہے۔ان النوم مضطجعا ناقض الافی حق النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صرح فی القنیة بانہ من خصوصیاتہ ولھذا ورد فی الصحیحین ان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم نام حتی نضح ثم قام الی الصلوٰۃ ولم یتوضأ اور سعایہ جلد۱ ص۲۳۶ میں ہے ان نومہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس بنا قض لقولہ علیہ السلام تنام عینای ولا ینام قلبی کما نص علیہ جمع ممن صنفوا علیہ فی الخصائص اور ردالمحتار جلد۱ ص۹۵ میں ہے۔ فی فتاوی ابن الشبلی قال سئلت عن شخص بہ انفلات ریح ھل ینقض وضوئہ بالنوم فاجبت بعدم النقض بناء علی ما ھوالصحیح من ان النوم نفسہ لیس بناقض وانما الناقض ما یخرج۔

(۸) جبکہ ہوا عورت یا مرد کے آگے کے مقام سے نکلے تو اس صورت میں وضوء نہیں ٹوٹتا ہے جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری جلد۱ ص۹ پر ہے الریح الخارجة من الذکر و مزج المرأۃ لا تنقض الوضوء علی الصحیح ۔

(۹) خون یا پیپ نکل کر آنکھ یا کان میں بہا مگر ان سے باہر نہیں آیا تو وضوء نہیں ٹوٹا۔جیسا کہ فتح القدیر جلد۱ ص۳۴ میں ہے اذا کان فی عینہ قرحة ووصل الدم منھا الی جانب اٰخر من عینہ فلا ینقض وضوء ہ لانہ لم یصل الیٰ موضع یجب غسلہ فی الجملة۔

(۱۰) بلغم، کیڑا یا سانپ کی منہ بھر قے ہوئی تو وضوء نہیں ٹوٹا جیسا کہ درمختار مع شامی جلد۱ ص۹۴ میں ہے لا ینقضہ قئ من بلغم علی المعتمد اصلاً۔ اور فتاویٰ رضویہ جلد ۱ ص۶۸ پر قنیہ سے ہے لو قاء دودا کثیرا



Marfat.com

او حیئة ملأت قاه لا ینقض۔

(۱۱) نماز پڑھتے ہوئے سو گیا اور اسی حالت میں ٹھٹھا مار کر ہنسا تو اس صورت میں وضوء نہیں ٹوٹا اگر چہ رکوع وسجود والی نماز ہو۔ جیسا کہ شرح وقایہ جلد اص ۲۷ میں ہے لونام فی الصلوٰۃ علی ای ھیأۃ فقھقھتہ لا ینقض الوضوء۔

(۱۲) اگر سجدہ سہو واجب ہو مگر سہو ہونا یاد نہ ہو اور دونوں طرف سلام پھیر دے اس کے بعد کوئی فعل منافی نماز کرنے سے پہلے قہقہہ مار کر ہنسے پھر یاد آنے پر سجدہ سہو کرے تو اس صورت میں دونوں طرف سلام پھیر دینے کے بعد بھی قہقہہ مار کر ہنسنے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے جیسا کہ درمختار مع شامی جلد اص ۵۰۳ پر ہے۔ سلام من علیہ سجود سھو یخرجہ من الصلاۃ خروجاً موقوفاً ان سجد عاد الیھا والا لا وعلی ھذا فیبطل وضوءہ بالقھقھۃ ان سجد للسھو۔

(۱۳) محدث کو ہر قسم کی نماز، نماز جنازہ، سجدۂ تلاوت اور قرآن مجید چھونے کے لئے اگر چہ ایک ہی آیت ہو وضو کرنا فرض ہے۔ نور الایضاح ص ۳۴ میں ہے الاول فرض علی المحدث للصلوٰۃ ولا کانت نفلا ولصلاۃ الجنازۃ وسجدۃ التلاوت ولمس القران ولوایۃ۔

(۱۴) کعبہ شریف کا طواف کرنے کے لئے وضوء کرنا واجب ہے جیسا کہ مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۴۵ میں ہے القسم الثانی وضوء واجب وھوالوضوء للطواف بالکعبۃ۔

(۱۵) غسل جنابت سے پہلے، جنب کو کھانے پینے اور سونے کے لئے، اذان و اقامت خطبۂ جمعہ وعیدین۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کی زیارت،



Marfat.com

وقوف عرفہ اور صفاء مروہ کے درمیان سعی ان تمام کاموں کے لئے وضوء کرنا سنت ہے۔

(۱۶) سونے کے لئے اور سونے کے بعد' میت نہلانے یا اٹھانے کے بعد' جماع سے پہلے غصہ کے وقت' زبانی قرآن مجید پڑھنے کے لئے' حدیث اور علم دین پڑھنے پڑھانے کے لئے' جمعہ وعیدین کے علاوہ خطبوں کے لئے' دینی کتابیں چھونے کے لئے جھوٹ بولنے گالی دینے اور فحش لفظ نکالنے کے بعد' صلیب یا بت چھونے اور کوڑھی یا سفید داغ والے سے بدن مس ہوجائے' بغل کھجانے سے جبکہ بدبو آتی ہو' غیبت کرنے' قہقہہ لگانے' لغو چیزیں پڑھنے اور اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد' کسی عورت کے بدن سے اپنا بدن بے حائل مس ہوجائے اور باوضوء شخص کو نماز پڑھنے کے لئے۔ ان سب صورتوں میں وضوء کرنا مستحب ہے۔ (بہار شریعت حصہ دوم ص ۲۳)

(۱۷) وضوء کے بعد مردہ کے بدن سے نجاست نکلی تو اس صورت میں وضوء کی دوبارہ حاجت نہیں جیسا کہ ردمحتار جلد ا ص ۹۱ پر ہے لو خرجت منہ (ای المیت) نجاسة لم یعد وضوء ہ۔

(۱۸) معذور ظہر کے وقت میں اگرچہ پورا وضوء کرنے کے بعد چمڑے کا موزہ پہنے مگر عصر کے وضوء میں وہ موزہ پر مسح نہیں کرسکتا صرف اسی ایک وقت کے اندر مسح کرسکتا ہے کہ جس وقت میں پہنا ہو۔ ہاں اگر وضوء کرنے یا موزہ پہننے کے وقت عذر نہیں پایا گیا تو اس کا حکم اس صورت میں تندرست کے مثل ہے۔ حاشیہ ہدایہ جلد ا ص ۱۴۱ پر نہایہ سے ہے التی سال دمھا وقت الوضوء واللبس اووقت الوضوء دون اللبس او بالعکس فانھا لا تمسح بعد خروج



Marfat.com

الوقت واما اذا كان منقطعا وقت الوضوء واللبس فانها والصحيحة سواء۔

(۱۹) پیر کی تین چھوٹی انگلیوں کی مقدار ٹخنے کے نیچے موزہ کے زیادہ ڈھیلا ہونے کے سبب اوپر سے نظر آرہا ہے تو اس صورت میں اس موزہ پر مسح کرنا جائز ہے۔شرح وقایۃ جلد ا ص ۱۰۰ میں ہے لا باس بان یکون واسعا بحیث یری رجله من اعلیٰ الخف۔

## اعضائے وضوء دھوتے وقت کی دعائیں

وضو شروع کرتے وقت:

(۱) بسم اللہ کہنا اور

(۲) درود شریف پڑھنا اور

(۳) اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔

(۴) کلی کے وقت اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل تو میری مدد کر کہ قرآن کی تلاوت اور تیرا ذکر وشکر کروں اور تیری اچھی عبادت کروں۔

(۵) ناک میں پانی ڈالتے وقت اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا



Marfat.com

تُرِحْنِیَ رَائِحَةَ النَّارِ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل تو مجھ کو جنت کی خوشبو سونگھا اور جہنم کی بو سے بچا۔

(۶) منہ دھوتے وقت اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل تو میرے چہرے کو اجالا کر جس دن کہ کچھ منہ سفید ہوں گے اور کچھ سیاہ۔

(۷) داہنا ہاتھ دھوتے وقت اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل میرا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دے اور مجھ سے آسان حساب کرنا۔

(۸) بایاں ہاتھ دھوتے وقت اَللّٰھُمَّ لاَ تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلاَ مِنْ وَّرَآءِ ظَھْرِیْ ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل میرا نامۂ اعمال نہ بائیں ہاتھ میں دے اور نہ پیٹھ کے پیچھے سے۔

(۹) سر کا مسح کرتے وقت اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِکَ یَوْمَ لاَظِلَّ اِلاَّ ظِلَّ عَرْشِکَ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل تو مجھے اپنے عرش کے سایہ میں رکھ جس دن تیرے عرش کے سوا کہیں سایہ نہ ہوگا۔

(۱۰) کانوں کا مسح کرتے وقت اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ۔



Marfat.com

ترجمہ: اے اللہ عزوجل مجھے ان میں کر دے جو بات سنتے ہیں اور اچھی بات پر عمل کرتے ہیں۔

(۱۱) گردن کا مسح کرتے وقت اَللّٰھُمَّ اَعۡتِقۡ رَقَبَتِیۡ مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل میری گردن آگ سے آزاد کر دے۔

(۱۲) داہنا پاؤں دھوتے وقت اَللّٰھُمَّ ثَبِّتۡ قَدَمِیۡ عَلَی الصِّرَاطِ یَوۡمَ تَزِلُّ الۡاَقۡدَامُ۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل میرا قدم پل صراط پر ثابت قدم رکھ جس دن کہ اس پر قدم لغزش کریں گے۔

(۱۳) بایاں پاؤں دھوتے وقت اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡ ذَنۡبِیۡ مَغۡفُوۡرًا وَسَعۡیِیۡ مَشۡکُوۡرًا وَتِجَارَتِیۡ لَنۡ تَبُوۡرًا۔

ترجمہ: اے اللہ عزوجل میرے گناہ بخش دے اور میری کوشش بارآور کر دے اور میری تجارت ہلاک نہ ہو۔

(۱۴) وضوء سے فارغ ہوتے ہی یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ مِنَ التَّوَّابِیۡنَ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنَ الۡمُتَطَهِّرِیۡنَ۔

ترجمہ: الٰہی تو مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک لوگوں میں کر دے۔

(۱۵) بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر تھوڑا پی لے کہ شفائے امراض ہے۔

(۱۶) آسمان کی طرف منہ کر کے سُبۡحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِکَ اَشۡهَدُ اَنۡ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡکَ۔

ترجمہ: تو پاک ہے اے اللہ عزوجل اور میں تیری حمد کرتا ہوں میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔



Marfat.com

## غسل شرعی کر لینے کے بعد وضوء

کان النبی ﷺ لا یتوضأ بعد الغسل آقا کریم ﷺ غسل کے بعد وضوء نہیں فرماتے تھے (۱)

قول حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حضرت سیدنا امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں غسل سے کونسا وضوء افضل ہوسکتا ہے (۲)

## قول امام ترمذی علیہ رحمۃ:

حضرت امام ترمذی علیہ الرحمۃ نقل فرماتے ہیں کہ بہت سے صحابہ کرام علیہم الرضوان اور تابعین کرام علیہم الرحمہ کا یہی مسلک ہے کہ غسل کے بعد وضوء نہیں۔ (۳)

عوام میں غلط مشہور ہے کہ غسل کے بعد وضوء ضروری ہے حالانکہ مذکورہ بالا دلائل سے واضح ہوگیا کہ غسل صحیح طریقہ پر کیا جائے تو وضوء کی ضرورت نہیں رہتی۔ غسل کے بعد نماز جنازہ وعید و جمعہ ہر طرح کی نماز وعبادت ادا کی جاسکتی ہے اور دوسرا مسئلہ جو عوام میں بہت مشہور ہے کہ جب غسل کرتے ہیں تو اس وقت چونکہ کپڑے نہیں پہنے ہوتے اس لئے جب کپڑے نہ پہنے ہوں تو وضوء نہیں ہوتا یہ بھی سراسر غلط ہے جب غسل ہوگیا تو اعضائے وضوء چونکہ اعضائے غسل کا بھی حصہ ہیں اور غسل سے پہلے وضوء بھی ہوجاتا ہے تو وضوء کی حاجت نہ رہی اسی طرح ایک اور مسئلہ جو کہ عوام میں ہی مشہور ہے کہ جہاں غسل کیا جاتا ہے وہاں وضوء نہیں ہوتا اس لئے وضو دوبارہ ضروری ہے عموماً وجہ یہ سنی گئی ہے

(۱) ترمذی شریف (۲) فیوض الباری حصہ ۲ ص ۳۳ (۳) ترمذی شریف۔



Marfat.com

عوام کی طرف سے کہ جہاں غسل کیا جائے وہ جگہ نجس ہوتی ہے اس لئے وضوء نہیں ہوتا۔ جواباً عرض ہے کہ جگہ کے نجس ہونے کی صورت میں جہاں تک قطرے پڑتے ہیں پاؤں تک یا پنڈلیوں تک انکا دھونا باہر آکر ضروری ہے سارا وضوء پھر بھی ضروری نہیں۔

## نابالغ بچے کے بھرے ہوئے پانی سے وضوء کا حکم

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمان فتاویٰ رضویہ شریف میں نقل فرماتے ہیں:

جس پانی کو نابالغ بچہ نے بھرا وہ اس کی ملک ہے۔اس سے لے کر اسکا سگا بھائی بھی نہیں دلاسکتا اور نہ ہی اس سے وضوء جائز ہے۔(۱)

اگر جنابت پہنچ جائے تو وضوء کر کے سو جاؤ۔

## وضوء والا پانی مسجد میں گرانا گناہ ہے:

اکثر لوگوں کی عادت ہے کہ وضوء کے بعد مسجد میں بازوؤں سے پانی گراتے ہوئے داخل ہوتے ہیں یہ پانی مسجد تو پھر مسجد ہے کپڑوں کو بھی نہیں لگنا چاہیئے حضور صدر الشریعہ بدر الطریقہ صاحب بہار شریعت مولانا محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

جب مسجد جانا ہو تو قطروں کا مسجد میں ٹپکانا مکروہ تحریمی ہے (۲)

## وضوء اور غسل میں پانی کی کوئی حد مقرر نہیں:

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمان

(۱) فتاویٰ رضویہ جلد۲ص مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور (۲) بہار شریعت حصہ اص ۲۹۸ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی۔



Marfat.com

فرماتے ہیں کہ اس بات پر اجماع ہے کہ وضوء اور غسل میں پانی کی کوئی حد مقرر نہیں (۱)

## نابالغ پر وضوء فرض ہے کہ نہیں؟

صدر الشریعہ بدر الطریقہ مولانا محمد امجد علی اعظمی خلیفہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں کہ نابالغ پر وضوء فرض نہیں مگر اسے وضوء کرانا چاہئے کہ اسے عادت ہو جائے اور وضوء کرنا آ جائے اور مسائل وضوء سے آگاہ ہو جائے (۲)

## وضوء میں نیت کیا ہونی چاہیئے؟

حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ نماز کے لئے وضوء کرے تو نیت ہونی چاہئے کہ

(۱) جب استنجاء کرے تو باطن کو غیر کی دوستی سے پاک کرے۔

(۲) جب ہاتھ دھوئے تو دل کو دنیا کی محبت سے پاک کرے (یعنی دنیا کی محبت سے ہاتھ دھو ڈالے)

(۳) جب ناک صاف یعنی ناک میں پانی ڈالے تو خواہشات کو اپنے اوپر حرام کرے۔

(۴) جب منہ دھوئے تو خواہشات نفسانی سے منہ پھیر لے۔

(۵) جب کہنیوں تک ہاتھ دھوئے تو اپنے نصیبوں سے الگ ہو جائے۔

(۶) جب سر کا مسح کرے تو تمام کا اللہ عزوجل کے حوالے کر دے۔

(۷) جب پاؤں دھوئے تو تمام برے کاموں سے رکنے کی نیت کرے۔ (۳)

---

(۱) فتاوی رضویہ جلد ۱ ص ۶۲۶ (۲) بہار شریعت جلد ۱ ص ۳۰۲ بحوالہ ردالمحتار جلد ۱ ص ۲۰۲ (۳) کشف المحجوب۔



Marfat.com

## وضوء میں ترکِ نیت کی عادت:

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں وضوء میں ترک نیت کی عادت گناہ ہے۔ (۱)

## عمامہ پر مسح کا حکم:

اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وامسحوا برءوسکم اور مسح کرو اپنے سروں کا۔

## صرف عمامہ پر مسح کافی نہیں

حضرت فقیہ اعظم ہند مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں احناف شوافع اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ سر کا مسح کیے بغیر عمامے یا ٹوپی پر مسح کافی نہیں اس لئے کہ قرآن کریم میں سر کے مسح کا حکم ہے عمامہ اور ٹوپی پر مسح سر کا مسح نہیں نیز کسی حدیث میں یہ وارد نہیں کہ حضور علیہ السلام نے صرف عمامے پر مسح فرمایا ہو اور سر پر مسح نہ کیا ہو۔ (۲)

## اگر عمامہ کا مسح ہوتا تو سر کے مسح کا نائب ہوتا

حضرت مفسر شہیر مفتی احمد یار خان علیہ الرحمٰن فرماتے ہیں اگر عمامہ کا مسح ہوتا تو سر کے مسح کا نائب ہوتا اور نائب اور اصل جمع نہیں ہوسکتے یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک پاؤں دھولیا اور ایک پاؤں کے موزے پر مسح کرلیا یا آدھا وضو کرلیا اور آدھا تیمّم کرلیا۔ (۳)

## اعضائے وضوء چمکتے ہوں گے:

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ پیارے

(۱) فتاویٰ رضویہ جلد ا ص ۶۸۰ (۲) نزہۃ القاری جلد ا ص ۶۰۷ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور (۳) مراۃ المناجیح جلد ا ص ۲۷۵ مطبوعہ قادری پبلشر لاہور۔



Marfat.com

آقا علیہ وسلم ﷺ نے ارشاد فرمایا میری امت قیامت کے دن پنج کلیان جائے گی آثار وضوء سے تو جو اپنی چمک دمک زیادہ کرسکتا ہے تو کرے۔(۱)

حضرت شارح مشکوٰۃ مفسر قرآن مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمان پنج کلیان کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں وہ سرخ وسیاہ گھوڑا ہے جس کے چاروں ہاتھ پاؤں اور پیشانی سفید ہوں یہ بہت ہی قیمتی خوبصورت اور طاقتور ہوتا ہے۔ امت سے مراد نمازی مسلمان کہ قیامت کے دن انکا چہرہ اور ہاتھ پاؤں آثار وضوء سے چمکتے ہوں گے خیال رہے کہ اگرچہ پچھلی امتوں نے بھی وضوء کیا ہے مگر یہ نور صرف امت محمدی ﷺ پر ہوگا(۲)

## اعضائے وضو پر زیور پہنائے جائیں گے:

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ عزوجل ﷺ نے ارشاد فرمایا مومن کا زیور وہاں تک پہنچے گا جہاں تک وضوء کا پانی پہنچے گا(۳)

## وضوء کے مکروہات:

(۱) عورت کے غسل یا وضوء سے بچے ہوئے پانی سے وضوء کرنا۔
(۲) وضوء کے لئے نجس جگہ پر بیٹھنا (۳) نجس جگہ پر وضوء کا پانی گرانا۔
(۴) مسجد کے اندر وضوء کرنا (۵) اعضائے وضوء سے لوٹے وغیرہ میں قطرہ ٹپکانا۔ (۶) پانی میں رینٹھ یا کھنگار ڈالنا (۷) قبلہ کی طرف تھوک یا کھنگار ڈالنا یا کلی کرنا (۸) بے ضرورت دنیا کی بات کرنا (۹) زیادہ پانی خرچ کرنا (۱۰) اتنا کم خرچ کرنا کہ سنت ادا نہ ہو (۱۱) منہ پر پانی مارنا (۱۲) منہ پر پانی ڈالتے وقت

(۱) بخاری شریف جلد ۱ (۲) مراۃ المناجیح جلد ۱ ص ۲۳۰ مطبوعہ قادری پبلشرز لاہور (۳) مسلم شریف۔



Marfat.com

پھونکنا (۱۳) ایک ہاتھ سے منہ دھونا (۱۴) گلے کا مسح کرنا (۱۵) بائیں ہاتھ سے کلی کرنا یا ناک میں پانی ڈالنا (۱۶) دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا (۱۷) اپنے لئے کوئی لوٹا وغیرہ خاص کر لینا (۱۸) تین جدید پانیوں سے تین بار سر کا مسح کرنا (۱۹) جس کپڑے سے استنجاء کا پانی خشک کیا ہو اس سے اعضائے وضوء پونچھنا (۲۰) دھوپ کے گرم پانی سے وضوء کرنا (۲۱) ہونٹ یا آنکھیں زور سے بند کرنا اور اگر کچھ سوکھا رہ جائے تو وضوء ہی نہ ہوگا ہر سنت کا ترک مکروہ ہے۔ یونہی ہر مکروہ کا ترک سنت ہے۔

## وضوء کے مستحبات:

(۱) داہنی طرف سے ابتدا کریں (۲) دونوں رخسار لے کہ ان دونوں کو ساتھ ہی ساتھ دھوئیں گے (۳) دونوں کانوں کا مسح ساتھ ہی ساتھ ہو (۴) اگر کسی کا ایک ہی ہاتھ ہو تو منہ دھوئے (۵) مسح کرنے میں داہنے کو مقدم کرے (۶) انگلیوں کی پشت سے (۷) گردن کا مسح کرنا (۸) وضوء کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کرنا (۹) اونچی جگہ پر بیٹھنا (۱۰) بیٹھنا (۱۱) وضوء کا پانی پاک جگہ پر گرانا (۱۲) پانی بہاتے وقت اعضاء پر ہاتھ پھیرنا خاص کر جاڑے میں (۱۳) پہلے تیل کی طرح پانی چپڑ لینا خاص کر جاڑے میں (۱۴) اپنے ہاتھ سے پانی بھرنا (۱۵) دوسرے وقت کے لئے بھر کر رکھ چھوڑنا (۱۶) وضوء کرنے میں بغیر ضرورت دوسرے سے مدد نہ لینا (۱۷) انگوٹھی کو حرکت دینا جبکہ ڈھیلی ہو کہ اس کے نیچے پانی نہ جانا معلوم ہو ورنہ فرض ہوگا (۱۸) صاحب عذر نہ ہو تو وقت سے پہلے وضوء کرنا (۱۹) اطمینان سے وضوء کرنا عوام میں جو مشہور ہے کہ وضوء جوان کا سا نماز بوڑھوں کی سی یعنی وضوء جلدی کریں ایسی جلدی نہ کریں جس سے



Marfat.com

سنت یا مستحب ترک ہو (۲۰) کپڑوں کو ٹپکتے قطروں سے محفوظ رکھنا (۲۱) کانوں کا مسح کرتے وقت بھیگی چھنگلیا کانوں کے سوراخ میں داخل کرنا (۲۲) جو وضوء کامل طور پر کرتا ہو کہ کوئی جگہ باقی نہ رہ جاتی ہو اسے کووں، ٹخنوں، ایڑیوں، تلووں، کونچوں، گھائیوں، کہنیوں کا بالتخصیص خیال رکھنا مستحب ہے اور بے خیالی کرنے والوں کو تو فرض ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ یہ مواضع خشک رہ جاتے ہیں یہ نتیجہ انکی بے خیالی کا ہے ایسی بے خیالی حرام ہے اور خیال رکھنا فرض ہے (۲۳) وضوء کا برتن مٹی کا ہو یا تانبے کا بھی ہو تو حرج نہیں مگر (۲۴) قلعی کیا ہوا ہو (۲۵) اگر وضوء کا برتن لوٹے کی قسم ہے تو بائیں جانب رکھیں (۲۶) اگر طشت کی قسم ہو تو داہنی طرف (۲۷) آفتابہ میں دستہ لگا ہو تو دستہ کو تین بار دھولیں (۲۸) اور ہاتھ اس کے دستہ پر رکھیں اس کے منہ پر نہ رکھیں (۲۹) داہنے ہاتھ سے کلی کرنا اور ناک میں ڈالنا (۳۰) بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا (۳۱) بائیں ہاتھ کی چھنگلیا ناک میں ڈالنا (۳۲) پاؤں کو بائیں ہاتھ سے دھونا (۳۳) منہ دھونے میں ماتھے کے سرے پر ایسا پھیلا کر پانی ڈالنا کہ اوپر کا حصہ کچھ ڈھل جائے۔

تنبیہ: بہت سے لوگ یوں کرتے ہیں کہ ناک یا آنکھ یا بھووں پر پانی ڈال کر سارے منہ پر پھیر لیتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ منہ دہل گیا ہے حالانکہ پانی کا اوپر چڑھنا کوئی معنی نہیں رکھتا اس طرح دھونے میں منہ نہیں دھلتا اور وضوء نہیں ہوتا (۳۴) دونوں ہاتھوں سے منہ دھونا۔

## وضوء کے بچے ہوئے پانی کا حکم:

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا



Marfat.com

علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وضوء سے بچا ہوا پانی کھڑے ہوکر پیا اور فرمایا ہم نے تمہارے نانا جان صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے دیکھا(۱)

## آب شفا:

حضرت سیدنا مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ وضوء کا بچا ہوا پانی پینا باعث شفا ہے(۲)

## کھڑے ہوکر پانی پینا:

حضور صدر الشریعہ حضرت مولانا امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں کہ وضوء کے بچے ہوئے پانی کے آداب میں سے ہے کہ یہ پانی کھڑے ہوکر پئیں (۳)

## وضوء کے بچے ہوئے پانی پینے کے طبی فوائد:

(۱) پیشاب کی رکاوٹ دور کرتا ہے (۲) ناجائز شہوت دور کرنے کا آزمودہ طریقہ (۳) بعد از پیشاب قطرہ کی شکایت کو دور کرتا ہے (۴) جگر و معدہ اور مثانہ کی گرمی اور خشکی کو دور کرتا ہے(۴)

## وضوء سے گناہوں کا دھلنا:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اچھی طرح وضو کرے اس کے گناہ اس کے سارے جسم سے صاف ہوجاتے ہیں یہاں تک کہ ناخنوں سے بھی (۵)۔

(۱) کنز العمال جلد۵ ص ۱۰۷ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور پاکستان (۲) مکتوبات امام ربانی جلد ۱ ص ۱۵۵ (۳) بہار شریعت جلد ۱ ص (۴) نماز اور جدید سائنس (۵) الترغیب والترہیب جلد ۱ ص ۹۲ مطبوعہ مکتبہ محمودیہ سرکی روڈ کوئٹہ۔



Marfat.com

## میں کیوں مسکرایا ہوں؟

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانی منگوایا وضوء کرنے کے بعد مسکرائے پھر ساتھیوں سے سوال کیا کہ تم پوچھتے نہیں کہ میں کیوں مسکرایا ہوں انہوں نے عرض کی فرمائیں آپ کیوں مسکرائے ہیں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نے رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ ﷺ نے وضوء کیا جیسے میں نے کیا پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تبسم فرمایا پھر مجھے فرمایا تم پوچھتے نہیں کہ میں کیوں مسکرایا ہوں پھر میں نے عرض کی یا رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے کیوں تبسم فرمایا؟ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا بے شک بندہ جب وضوء کرتا ہے منہ دھونے سے اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کے سارے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ جب بازو دھوتا ہے تو بازو کے سارے گناہ مٹا دیتا ہے۔ جب پاؤں دھوتا ہے تو پاؤں کے سارے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں (۱)

## میں نے ایسا کیوں کیا؟

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھا۔ ایک درخت کے نیچے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک خشک ٹہنی کو پکڑا پھر اسے زور سے ہلاتے رہے یہاں تک کہ پتے سارے جھڑ گئے پھر فرمایا اے عثمان تم مجھ سے سوال کیوں نہیں کرتے کہ میں نے ایسا کیوں کیا ہے؟ میں نے عرض کی آپ نے ایسا کیوں کیا؟

فرماتے ہیں کہ میں سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تھا رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا ہی کیا تھا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۱ ص ۵۸ مطبوعہ لاہور پاکستان۔



Marfat.com

ٹہنی پکڑی اس کو ہلایا یہاں تک کہ اس کے سارے پتے گر گئے پھر رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے سلمان تم پوچھتے نہیں کہ میں نے ایسا کیوں کیا؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ نے ایسا کیوں کیا؟ پھر آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا بے شک جب مسلمان اچھی طرح وضوء کرے پھر پانچ نمازیں ادا کرے اس کے گناہ ایسے ختم ہوتے ہیں جیسے اس ٹہنی سے پتے جھڑتے ہیں اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ آیۃ مبارکہ تلاوت فرمائی: ﴿وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ ط اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ ط ذٰلِکَ ذِکْرٰی لِلذّٰکِرِیْنَ﴾ (سورۃ ھود آیت نمبر ۱۱۴)(۱)

## موزوں پر مسح کا بیان:

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے موزوں پر مسح فرمایا(۲)

## موزوں پر مسح صحابہ کرام علیہم الرضوان کی سنت ہے:

حضرت امام اہل سنت امام حسن بصری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ میں نے ۷۰ بدری صحابہ کرام علیہم الرضوان کی زیارت کی ہے یہ سب کے سب موزوں پر مسح جائز جانتے تھے (۳)

## موزوں پر مسح کرنا سنی ہونے کی علامت ہے:

حضرت امام اعظم علیہ الرحمہ سے سوال ہوا کہ اہل سنت کی علامت کیا

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۴۳۷ (۲) صحیح بخاری جلد اص کتاب الوضوء مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی (۳) نزہۃ القاری جلد اص ۶۴۸۔



Marfat.com

ہے؟ امام اعظم علیہ الرحمہ نے فرمایا حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو سب صحابہ سے افضل جاننا اور دونوں دامادوں حضرت عثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے محبت اور موزوں پر مسح (۱)

## موزوں پر مسح کی مدت:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ تعالیٰ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مسافر کو تین دن اور تین راتیں اور مقیم کو ایک دن اور ایک رات موزوں پر مسح کرنے کی اجازت عطاء فرمائی ہے جب کہ وضوء کر کے پہنے ہوں (۲)

## موزہ کی شرائط:

(۱) موزے ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں (۲) پاؤں سے چمٹا ہو کہ اس کو پہن کر آسانی کے ساتھ چل سکے (۳) چمڑے کا ہو یا صرف تلا چمڑے کا ہو اور باقی کسی دبیز چیز کا ہو جیسے کرچ وغیرہ (۴) وضوء کر کے پہنا ہو (۳)

## مسح میں فرض صرف دو ہیں:

(۱) ہر موزہ کا مسح ہاتھ کی چھوٹی تین انگلیوں کے برابر ہونا (۲) موزے کی پیٹھ پر ہونا (۴)

## امام کو نماز میں شبہہ کیوں پڑتا ہے؟

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صبح کی نماز میں سورہ روم تلاوت فرمارہے تھے اور آپ

---

(۱) غنیۃ المتملی ص ۱۲۵ (۲) سنن دار قطنی جلد ۱ ص ۲۷۰ (۳) بہار شریعت جلد ۱ ص ۳۶۴ مطبوعہ مکتبہ المدینہ لاہور کراچی (۴) مراقی الفلاح شرح نور الایضاح ص ۳۱۔



Marfat.com

علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تشابہ لگا بعد نماز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا حال ہے ان لوگوں کا جو ہمارے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں اور اچھی طرح طہارت نہیں کرتے انہیں کی وجہ سے امام کو قراءت میں شبہ پڑتا ہے (۱)

## وضوء میں پانی کتنا لگنا چاہیئے:

حضرت فقیہ ملت اعظم ہند مفتی محمد شریف الحق امجدی علیہ الرحمہ اپنی شہرہ آفاق تصنیف نزہۃ القاری میں رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے وضوء مبارک پر لگنے والے پانی کی مختلف مقداریں نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں' وضوء اور غسل میں پانی کی کوئی مقدار مقرر نہیں جتنے سے وضوء اور غسل مکمل ہوجائے اتنا کافی ہے۔ انسان سب ایک قسم کے نہیں ہوتے کوئی لمبا کوئی موٹا کوئی دبلا کسی کے سر اور داڑھی کے بال گھنے کسی کے چھدرے اس لئے پانی کی کوئی مقدار مقرر نہیں کی جاسکتی (۲)

## مستعمل پانی کے درجات:

امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ نے مستعمل پانی کے تین درجات بیان فرمائے ہیں۔

(۱) نجاست مغلظہ (۲) نجاست متوسطہ (۳) طاہر غیر مطہر۔

امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ نے یہ تین درجات کیوں بیان فرمائے؟ اس کی وجہ امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے سید علی خواص علیہ الرحمہ کو فرماتے سنا ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ کے

(۱) سنن نسائی باب القرآۃ فی الصبح بالروم مطبوعہ رحمانیہ لاہور (۲) نزہۃ القاری جلد ا ص ۶۴۷ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور۔



Marfat.com

مشاہدات اتنے دقیق ہیں جن پر بڑے بڑے صاحبان کشف اولیاء اللہ ہی مطلع ہو سکتے ہیں۔

آپ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ جب وضوء کا استعمال شدہ پانی دیکھتے تھے تو اس میں جتنے صغائر و کبائر و مکروہات ہوتے انکو پہچان لیتے تھے۔ اس لئے جس پانی کو مکلّف نے استعمال کیا ہے اس کے تین درجات مقرر فرمائے (۱)

اول: نجاست مغلظہ اس لئے کہ اس امر کا احتمال ہے کہ مکلّف نے گناہِ کبیرہ کا ارتکاب کیا ہو۔

ثانی: نجاست متوسطہ اس لئے کہ اس میں احتمال ہے کہ مکلّف نے صغیرہ گناہ کا ارتکاب کیا ہو۔

ثالث: طاہر غیر مطہر کیونکہ احتمال ہے کہ اس نے مکروہ کا ارتکاب کیا ہو۔ (۲)

## حکایت امام اعظم علیہ الرحمہ

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت امام الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ اپنے عظیم فتاویٰ شریف موسوم بہ فتاویٰ رضویہ میں نقل فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ جامع کوفہ کے طہارت خانہ میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ ایک نوجوان وضوء کر رہا تھا اور پانی کے قطرات اس سے ٹپک رہے ہیں تو فرمایا اے میرے بیٹے! والدین کی نافرمانی سے توبہ کر۔ اس نے فوراً کہا کہ میں نے توبہ کی ایک دوسرے شخص کے پانی کے قطرات دیکھے تو فرمایا اے میرے بھائی! زنا سے توبہ کر اس نے کہا میں نے توبہ کی ایک اور شخص کے وضوء کا

(۱) فتاویٰ رضویہ جلد۲ ص۶۳ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور پاکستان (۲) فتاویٰ رضویہ جلد۲ ص۶۴ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور پاکستان۔



Marfat.com

پانی گرتا ہوا دیکھا اس سے فرمایا شراب نوشی اور فحش گانے بجانے سے توبہ کر اس نے کہا میں نے توبہ کی۔ (۱)

## سیدی علی خواص علیہ الرحمہ کا کشف مبارک:

عارف ربانی حضرت امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں کہ حضرت سیدی خواص علیہ الرحمہ یہ فرق کر لیتے تھے کہ یہ مستعمل پانی حرام کا ہے یا مکروہ کا یا خلاف اولیٰ کا (۲)۔

## حکایت سیدی علی خواص علیہ الرحمہ:

حضرت امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ایک دن سیدی علی خواص علیہ الرحمہ کے ساتھ جامعہ الازہر کے وضوء خانہ میں داخل ہوا تو انہوں نے ارادہ کیا کہ حوض سے استنجاء کریں تو اس کو دیکھ کر لوٹ آئے میں نے دریافت کیا کیوں؟ تو فرمایا کہ میں نے اس میں ایک گناہ کبیرہ دیکھا ہے جس نے اس کو ناپاک کر دیا ہے اور میں نے اس آدمی کو بھی دیکھا تھا۔ جو سیدی علی خواص علیہ الرحمہ سے پہلے وضوء خانہ میں داخل ہوا تھا پھر میں اس کے پیچھے پیچھے گیا اور اس کو بتایا جو کچھ حضرت سیدی علی خواص علیہ الرحمہ نے فرمایا تھا اور اس نے تصدیق کی اور کہا کہ مجھ سے زناء واقع ہوا ہے اور حضرت سیدی خواص علیہ الرحمہ کی بارگاہ میں آ کر تائب ہوا (۳)

## وضوء کا فلسفہ:

جن چار اعضاء کا دھونا وضوء کے فرائض میں شامل ہے۔ یہ وہ اعضاء

(۱) فتاویٰ رضویہ جلد۲ ص ۶۵ مطبوعہ (۲) فتاویٰ رضویہ جلد۲ ص ۶۶ (۳) فتاویٰ رضویہ جلد۲ ص ۶۶ المیزان الکبریٰ جلد۱ ص ۱۱۵۔



Marfat.com

ہیں جن کی وجہ سے تمام تر گناہ سہواً یا دانستہ طور پر سرزد ہوتے ہیں۔ وضوء میں یہ بات رکھی گئی ہے کہ چونکہ انسان کے لئے اکثر ان اعضاء سے سیاہ کاری ہوسکتی ہے اس لئے حکم دیا کہ ان کو دن میں کئی بار دھوڈالا جائے تا کہ ظاہری نجاست دور ہوجائے تو اس کے اثر سے باطن بھی درست ہوجائے۔ چہرہ بھی دل کا آئینہ ہے اور تقریباً تمام حواس کا مرکز ہے کیونکہ بیشتر گناہ ناک' آنکھ' کان اور منہ سے ہوتے ہیں اور دل کو زنگ آلود کردیتے ہیں۔ نظر بازی' بدنگاہی' بدکلامی' نامحرموں کی آواز سننا' گالی گلوچ' ناجائز خوشبوئیں سونگھنا' گانا سننا' ناجائز مال سے لذت اندوز ہونا' بُرے خیالات کا پیدا ہونا اور فتنے اور شر کا پیدا ہونا' ان چاروں اعضاء کے ذریعے ہی ممکن ہوتا ہے' اس لئے ان تمام برائیوں کو ختم کرنے کے لئے ان تمام سرچشموں کو ہی بند کردیا گیا ہے' ہر وضوء میں ان اعضاء پر پابندی عائد کرنے سے رفتہ رفتہ یہ تمام برائیاں دور ہوجاتی ہیں کیونکہ یہ اعضاء ہی احکام الٰہی کی خلاف ورزی پر جلد متحرک ہوتے ہیں اور انسان کو آلودگی کی دعوت دیتے ہیں۔

وضوء میں پہلے ہاتھ اس لئے دھوتے ہیں کہ ہاتھوں کے ساتھ مس ہونے سے پتہ چلتا ہے کہ پانی ٹھنڈا ہے' گرم ہے' صاف ہے یا گدلا۔ اس کے علاوہ چونکہ منہ مملکت جسم میں بادشاہ ہونے کی حیثیت رکھتا ہے اس لئے پہلے ہاتھوں کو صاف کر کے منہ کو ہاتھ لگایا جائے اور کلی کے لئے پاک اور صاف ہاتھ استعمال ہوں۔ پھر منہ میں پانی ڈالنے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ پانی بدذائقہ اور خراب تو نہیں۔ ناک میں پانی ڈالا جائے تو معلوم ہوجاتا ہے کہ پانی بدبودار تو نہیں اور آنکھوں پر چھینٹے مارنا تو طبی اعتبار سے آنکھوں کی لاتعداد بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ یہ بات مجرب ہے کہ بازار سے آنے کے بعد یا گھر سے کاروبار پر



Marfat.com

آنے کے بعد اگر آنکھوں کو دھو دیا جائے تو آنکھ بیماریوں سے محفوظ رہتی ہے۔ اسی طرح بازوؤں کو دھونا بازوؤں سے جراثیم اور نجاست کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ سر کا مسح اور بالخصوص گردن پر پانی والا ہاتھ پھیرنے سے بہت سے امراض دور ہوتے ہیں اور عقل تیز ہوتی ہے۔ پیروں کی صفائی تازگی صحت اور تھکاوٹ دور کرنے کے لئے مددگار ہے اور اس سے ایسی باطنی قوت پیدا ہوتی ہے کہ یہ قدم گناہ کی طرف نہ اٹھ سکیں۔

## وضوء کی سنتیں

**مسئلہ ۱:** وضوء پر ثواب پانے کے لئے حکم الٰہی بجالانے کی نیت سے وضوء کرنا ضروری ہے ورنہ وضوء ہو جائے گا ثواب نہ پائے گا (۱)

**مسئلہ ۲:** بسم اللہ سے شروع کرے اور اگر وضوء سے پہلے استنجاء کرے تو قبل استنجے کے بھی بسم اللہ کہے مگر پاخانہ میں جانے یا بدن کھولنے سے پہلے کہے کہ نجاست کی جگہ اور بعد ستر کھولنے کے زبان سے ذکر الٰہی منع ہے۔ (۲)

**مسئلہ ۳:** اور شروع یوں کرے کہ پہلے ہاتھوں کو گٹوں تک تین تین بار دھوئے (۳)

**مسئلہ ۴:** اگر پانی بڑے برتن میں ہو اور کوئی چھوٹا برتن بھی نہیں کہ اس میں پانی انڈیل کر ہاتھ دھوئے، تو اسے چاہیئے کہ بائیں ہاتھ کی انگلیاں ملا کر صرف وہ انگلیاں پانی میں ڈالے، ہتھیلی کا کوئی حصہ پانی میں نہ پڑے اور پانی نکال کر داہنا

---

(۱) درالمختار وردالمحتار، کتاب الطھارۃ، مطلب: الفرق بین النیۃ والقصد والعزم ج۱ ص ۲۳۸۔ ۲۳۵

(۲) درالمختار ردالمحتار، کتاب الطھارۃ، مطلب، سائر بمعنی باقی۔ الخ ج ۱ ص ۲۴۱

(۳) الفتاویٰ الھندیۃ، کتاب الطھارۃ، الباب فی الوضوء، الفصل الثانی، ج۱ ص۶۔



Marfat.com

ہاتھ گٹے تک تین بار دھوئے پھر داہنے ہاتھ کو جہاں تک دھویا ہے بلا تکلف پانی میں ڈال سکتا ہے اور اس سے پانی نکال کر بایاں ہاتھ دھوئے (۱)

**مسئلہ۵:** یہ اس صورت میں ہے کہ ہاتھ میں کوئی نجاست نہ لگی ہو ورنہ کسی طرح ہاتھ ڈالنا جائز نہیں، ہاتھ ڈالے گا تو پانی ناپاک ہو جائے گا (۲)

**مسئلہ۶:** اگر چھوٹے برتن میں پانی ہے یا پانی تو بڑے برتن میں ہے مگر وہاں کوئی چھوٹا برتن بھی موجود ہے اور اس نے بے دھوئے ہاتھ پانی میں ڈال دیا بلکہ انگلی کا پورا یا ناخن ڈالا تو وہ سارا پانی وضوء کے قابل نہ رہا مائے مستعمل ہو گیا (۳)

**مسئلہ۷:** یہ اس وقت ہے کہ جتنا ہاتھ پانی میں پہنچا اس کا کوئی حصہ بے دھلا ہو ورنہ اگر پہلے ہاتھ دھو چکا اور اس کے بعد حدث نہ ہوا تو جس قدر حصہ دھلا ہوا ہو اتنا پانی میں ڈالنے سے مستعمل نہ ہوگا اگرچہ کہنی تک ہو بلکہ غیر جنب نے اگر کہنی تک ہاتھ دھولیا تو اس کے بعد بغل تک ڈال سکتا ہے کہ اب اس کے ہاتھ پر کوئی حدث باقی نہیں، ہاں جنب کہنی سے اوپر اتنا ہی حصہ ڈال سکتا ہے جتنا دھو چکا ہے کہ اس کے سارے بدن پر حدث ہے۔

**مسئلہ۸:** جب سو کر اُٹھے تو پہلے ہاتھ دھوئے، استنجے کے قبل بھی اور بعد بھی۔ (۴)

**مسئلہ۹:** کم سے کم تین تین مرتبہ دائیں بائیں، اوپر نیچے کے دانتوں میں مسواک کرے اور ہر مرتبہ مسواک کو دھولے اور مسواک نہ بہت نرم ہو نہ سخت اور پیلو یا زیتون یا نیم وغیرہ کڑوی لکڑی کی ہو۔ میوے یا خوشبودار پھول کے درخت

---

(۱) درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی دلالة المفهوم' ج۱ ص۲٤٦
(۲) الفتاوىٰ الهندية' کتاب الطهارة' الباب الاول فی الوضوء' الفصل الثانی' ج۱ ص٦ درمختار وردالمحتار۔ کتاب الطهارة مطلب فی دلالة المفهوم ج ۱ ص۲٤۷ (۳) فتاوىٰ الرضوية' ج ۲ ص ۱۱۳ (٤) درالمختار' کتاب الطهارة' ارکان الوضوء اربعة' ج۱ ص۲٤۳۔



Marfat.com

کی نہ ہو۔ چھنگلیا کے برابر موٹی اور زیادہ سے زیادہ ایک بالشت لمبی ہو اور اتنی چھوٹی بھی نہ ہو کہ مسواک کرنا دشوار ہو۔ جو مسواک ایک بالشت سے زیادہ ہو اس پر شیطان بیٹھتا ہے۔ (۱)

مسواک جب قابل استعمال نہ رہے تو اسے دفن کر دیں یا کسی جگہ احتیاط سے رکھ دیں کہ کسی ناپاک جگہ نہ گرے کہ ایک تو وہ آلہ ادائے سنت ہے اس کی تعظیم کرنی چاہیئے' دوسرے آب دہن مسلم ناپاک جگہ ڈالنے سے خود رکھنا چاہیئے' اسی لئے پاخانہ میں تھوکنے کو علماء نے نامناسب لکھا ہے۔

**مسئلہ ۱۰:** مسواک داہنے ہاتھ سے کرے اور اس طرح ہاتھ میں لے کہ چھنگلیا مسواک کے نیچے اور بیچ کی تین انگلیاں اوپر اور انگوٹھا سرے پر نیچے اور مٹھی نہ باندھے (۲)

**مسئلہ ۱۱:** دانتوں کی چوڑائی میں مسواک کرے لمبائی میں نہیں' چت لیٹ کر مسواک نہ کرے (۳)

**مسئلہ ۱۲:** پہلے داہنی جانب کے اوپر کے دانت مانجھے' پھر بائیں جانب کے اوپر کے دانت' پھر داہنی جانب کے نیچے پھر بائیں جانب کے نیچے کے (۴)

**مسئلہ ۱۳:** جب مسواک کرنا ہو تو اسے دھولے۔ یونہی فارغ ہونے کے بعد دھو ڈالے اور زمین پر پڑی نہ چھوڑ دے بلکہ کھڑی رکھے اور ریشہ کی جانب اوپر ہو (۵)

---

(۱) درالمختار ردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی دلالة المفهوم ج۸ص ۲۵۰ (۲) فتاویٰ الهندیة' کتاب الطهارة' الباب الاول فی الوضوء' الفصل الثانی' ج۱ ص۷' درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی دلالة المفهوم' ج۱ ص ۲۵۰ (۳) درالمختار' کتاب الطهارة' ج۱ ص۲۵۱ (٤) المرجع السابق' ص ۲۵۰ (۵) درالمختار وردالمحتار' مطلب فی دلالة المفهوم' ج۱ ص۲۵۱۔



Marfat.com

**مسئلہ۱۴:** اگر مسواک نہ ہو تو انگلی یا سنگین کپڑے سے دانت مانجھ لے۔ یونہی اگر دانت نہ ہوں تو انگلی یا کپڑا مسوڑوں پر پھیر لے (۱)

**مسئلہ۱۵:** مسواک نماز کے لئے سنت نہیں بلکہ وضوء کے لئے، تو جو ایک وضوء سے چند نمازیں پڑھے اس سے ہر نماز کے لئے مسواک کا مطالبہ نہیں، جب تک تغیر رائحہ (سانس بدبودار) نہ ہو گیا ہو ورنہ اس کے دفع کے لئے مستقل سنت ہے البتہ اگر وضوء میں مسواک نہ کی تھی تو اب نماز کے وقت کرلے (۲)

**مسئلہ۱۶:** پھر تین چلو سے تین کلیاں کرے کہ ہر بار منہ کے ہر پرزے پر پانی بہہ جائے اور روزہ دار نہ ہو تو غرغرہ کرے (۳)

**مسئلہ۱۷:** پھر تین چلو سے تین بار ناک میں پانی چڑھائے کہ جہاں تک نرم گوشت ہوتا ہے ہر بار اس پر پانی بہہ جائے اور روزہ دار نہ ہو تو ناک کی جڑ تک پانی پہنچائے اور یہ دونوں کام داہنے ہاتھ سے کرے، پھر بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرے (۴)

**مسئلہ۱۸:** منہ دھوتے وقت داڑھی کا خلال کرے بشرطیکہ احرام نہ باندھے ہوئے یوں کہ انگلیوں کو گردن کی طرف سے داخل کرے اور سامنے نکالے (۵)

**مسئلہ۱۹:** ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرے، پاؤں کی انگلیوں کا خلال بائیں ہاتھ کی چھنگلیا سے کرے اس طرح کہ داہنے پاؤں میں چھنگلیا سے شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرے اور بائیں پاؤں میں انگوٹھے سے شروع

---

(۱) الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة ص٦ درالمختار، كتاب الطهارة اركان الوضوء اربعة، ج ۱ ص ۲۵۳ (۲) درالمختار، كتاب الطهارة، مطلب فى دلالة الفهوم ج۱ ص۲۴۸ (۳) درالمختار وردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب فى منافع السواك، ج۱ ص۲۵۳ (۴) المرجع السابق (۵) المرجع السابق ص۲۵۵۔



Marfat.com

کر کے چھنگلیا پر ختم کرے اور اگر بے خلال کئے پانی انگلیوں کے اندر سے نہ بہتا ہو تو خلال فرض ہے یعنی پانی پہنچانا اگرچہ بے خلال ہو مثلاً گھائیاں کھل کر اوپر سے پانی ڈال دیا یا پاؤں حوض میں ڈال دیا (۱)

**مسئلہ ۲۰:** جو اعضاء دھونے کے ہیں ان کو تین تین بار دھوئے ہر مرتبہ اس طرح دھوئے کہ کوئی حصہ رہ نہ جائے ورنہ سنت ادا نہ ہوگی (۲)۔

**مسئلہ ۲۱:** اگر یوں کیا کہ پہلی مرتبہ کچھ دُھل گیا اور دوسری بار کچھ اور تیسری دفعہ کچھ کہ تینوں بار میں پورا عضو دھل گیا تو یہ ایک ہی بار دھونا ہوگا اور وضوء ہو جائے گا مگر خلاف سنت' اس میں چلوؤں کی گنتی نہیں بلکہ پورا عضو دھونے کی گنتی ہے کہ وہ تین مرتبہ ہو اگرچہ کتنے ہی چلوؤں سے (۳)

**مسئلہ ۲۲:** پورے سر کا ایک بار مسح کرنا اور کانوں کا مسح کرنا اور ترتیب کہ پہلے منہ' پھر ہاتھ دھوئیں' پھر سر کا مسح کریں' پھر پاؤں دھوئیں اگر خلاف ترتیب وضوء کیا یا کوئی اور سنت چھوڑ گیا تو وضوء ہو جائے گا مگر ایک آدھ دفعہ ایسا کرنا برا ہے اور مستحب ہے اعضاء کو اس طرح دھونا کہ پہلے والا عضو سوکھنے نہ پائے۔ (۴)

## وضوء کے طبی فائدے

دن میں پانچ مرتبہ وضوء کے کرنے میں سائنسی نکتہ نظر سے بہت زیادہ جسمانی فوائد ہیں' درج ذیل میں ان کی تفصیل پیش کی جاتی ہے۔

---

(۱) درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی منافع السواك ج۱ ص۲۵٦
(۲) درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی منافع السواك ج۱ ص۲۵۷ فتاوىٰ هندية' کتاب الطهارة' الباب الاول فی الوضوء' الفصل الثانی ج۱ ص۷ (۳) درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة' مطلب فی منافع السواك' ج۱ ص۲۵۷ (٤) درالمختار وردالمحتار' کتاب الطهارة ج۱ ص۲٦۳ ـ ۲٦۲' والفتاوىٰ رضويه' ج۱ ص۲۱٤۔



Marfat.com

## (۱) ہاتھ دھونا:

کام کاج کے دوران انسان کے ہاتھ بعض ایسی اشیاء پر لگتے ہیں جن پر بکٹیریا اور دوسرے جراثیم لگے ہوتے ہیں۔ وہ جراثیم ہاتھوں سے چمٹ جاتے ہیں جب انسان کے ہاتھ اپنے جسم کے مختلف حصوں پر لگتے ہیں تو وہ جراثیم وہاں منتقل ہوجاتے ہیں اور مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا باعث بنتے ہیں' نمازی انسان دن میں کم از کم پانچ مرتبہ اپنے ہاتھوں کو پانی سے دھوتا ہے لہذا اس کے ہاتھ صاف ستھرے رہتے ہیں۔ بہت سی بیماریوں سے بچاؤ خود بخود ہوجاتا ہے۔

## (۲) کلی کرنا:

انسان جب کوئی چیز کھاتا ہے تو دانتوں کے درمیانی جگہوں میں اس کے اجزاء پھنس جاتے ہیں۔ اگر منہ کو اچھی طرح صاف نہ کیا جائے تو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ اجزاء گل سڑ جاتے ہیں۔ منہ سے بدبو آنی شروع ہوجاتی ہے۔ اگر دوبارہ کھانا کھایا جائے تو یہ گندے اجزاء صاف کھانے کے ساتھ مل کر معدے میں پہنچ جاتے ہیں اور پیٹ کی بیماریوں کا ذریعہ بنتے ہیں' وضوء کرنے والا انسان دن میں پانچ مرتبہ اپنے منہ کو اچھی طرح صاف کرتا ہے لہذا دانتوں کی بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔

## (۳) ناک میں پانی ڈالنا:

انسان کے پھیپھڑوں میں ہوا کا جانا اور آکسیجن کا جسم کو مہیا ہونا انسانی زندگی کا سبب ہے۔ ہوا میں مختلف جراثیم اربوں کھربوں کی تعداد میں موجود ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے انسان کے ناک میں بال اُگا کر ایئر فلٹر بنادیا تاکہ



Marfat.com

صاف ہوا جسم کو ملے۔ جس طرح گاڑیوں کے ائیر فلٹر کچھ عرصے بعد چوک ہو جاتے ہیں ان کو صاف کرنا پڑتا ہے اسی طرح انسان کی ناک میں مختلف جراثیم اکھٹے ہو جاتے ہیں۔ ناک کو بار بار صاف کرنے کی ضرورت ہوتی ہے' کوئی بھی انسان اپنے ناک میں دن میں ایک دو مرتبہ سے زیادہ پانی ڈال کر صاف نہیں کرتا ہوگا مگر ایک مسلمان نمازی دن میں پانچ مرتبہ اپنے ناک کی پانی سے صفائی کرتا ہے۔

## (۴) چہرہ دھونا:

وضوء کے دوران چہرے کا دھونا فرض ہے۔ جب چہرہ دھویا جاتا ہے تو اس کی جلد صاف ہو جاتی ہے' مسام کھل جاتے ہیں تروتازگی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

مزید برآں چہرہ دھوتے وقت آنکھوں میں پانی کا جانا ایک قدرتی امر ہے۔ آنکھوں کے ماہرین اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ دن میں چند بار آنکھوں میں تازہ پانی کے چھینٹے مارے جائیں تو آنکھیں کئی بیماریوں سے محفوظ ہو جاتی ہے۔ خاص طور پر صبح کے وقت جب کہ ہوا میں اوزون (03) کافی مقدار میں موجود ہوتی ہے پانی کے چھینٹے آنکھوں میں مارنے سے انسان موتیا بند کی بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

## (۵) گردن کا مسح کرنا:

انسانی دماغ سے نکلنے والی چھوٹی چھوٹی رگیں (نرو) پورے جسم میں پھیل جاتی ہیں اور مختلف اعضاء کو سگنل پہنچانے کا کام کرتی ہیں۔ یہ سب رگیں دماغ سے نکل کر گردن کے پیچھے سے ہوتی ہوئی ریڑھ کی ہڈی کے ذریعے جسم



Marfat.com

کے مختلف جگہوں سے ملی ہوتی ہے۔ گردن کے پیچھے کا حصہ بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ اگر اس حصے کو خشک رکھا جائے تو رگیں کھینچنے کی وجہ سے انسانی دماغ پر اس کا اثر پڑتا ہے۔ کئی لوگ تو دماغی توازن کھو بیٹھتے ہیں۔ ڈاکٹر لوگ انہیں سمجھاتے ہیں کہ وہ گردن کے پیچھے کے حصے کو وقتاً فوقتاً تر کرتے رہیں۔ نمازی آدمی جب وضوء کرتا ہے تو اسے یہ نعمت خود بخود مل جاتی ہے۔

ایک شخص فرانس کے ائیرپورٹ پر وضوء کر رہا تھا اس سے کسی نے پوچھا کہ آپ کس ملک سے تعلق رکھتے ہیں اس نے کہا پاکستان سے۔ سائل نے پوچھا کہ پاکستان میں کتنے پاگل خانے ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ مجھے تعداد کا پتہ نہیں ویسے چند ایک ہی ہوں گے۔ سائل نے اپنا تعارف کروایا کہ میں یہاں کے ایک پاگل خانے کے ہسپتال میں ڈاکٹر ہوں۔ میری پوری عمر اس تحقیق میں گزری ہے کہ لوگ پاگل کیوں ہوتے ہیں؟ میری تحقیق کے مطابق جہاں اور بہت سی وجوہات ہیں ایک وجہ یہ بھی ہے کہ لوگ اپنی گردن کے پچھلے حصے کو خشک رکھتے ہیں۔ کھچاؤ کی وجہ سے رگوں پر اس کا اثر ہوتا ہے۔ جو لوگ اس جگہ وقتاً فوقتاً نمی پہنچاتے رہیں وہ پاگل ہونے سے بچ جاتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ آپ نے ہاتھ پاؤں دھونے کے ساتھ ساتھ گردن کے پیچھے کے حصے پر بھی گیلے ہاتھ پھیرے۔ نمازی نے بتایا کہ وضوء کرتے وقت گردن کا مسح کیا جاتا ہے اور ہر نمازی دن میں پانچ مرتبہ گردن کا مسح کرتا ہے۔ ڈاکٹر کہنے لگا کہ اسی لئے آپ کے ملک میں لوگ کم تعداد میں پاگل ہوتے ہیں۔ اللہ اکبر۔ ایک ڈاکٹر کی پوری زندگی کی تحقیق نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بتائے ہوئے ایک چھوٹے سے عمل پر آکر ختم ہوگئی۔



Marfat.com

## (۶) پاؤں دھونا:

انسانی جسم میں بعض ایسی بیماریاں ہوتی ہیں جن کا اثر پاؤں پر بہت زیادہ ہوتا ہے مثلاً شوگر کے مریض کے پاؤں پر زخم بھی ہو جائیں تو اسے پتہ نہیں چلتا۔ ڈاکٹر لوگ شوگر کے مریض کو سمجھاتے ہیں کہ وہ اپنے پاؤں کو صاف رکھے۔ دن میں چند مرتبہ اسے غور سے دیکھے کہ کہیں کوئی زخم وغیرہ تو نہیں۔ اچھی طرح پاؤں کا مساج کرے تاکہ خون کی شریانوں میں اگر کہیں رکاوٹ ہے تو وہ دور ہو جائے۔ نمازی آدمی دن میں پانچ مرتبہ وضوء کرتا ہے تو یہ سب کام خود بخود ہو جاتے یں۔ پاؤں کی انگلیوں کے درمیان فنگس کی وجہ سے زخم ہو جاتے ہیں۔ وضوء کرنے والا انگلیوں کے درمیان خلال کرتا ہے تو اسے صورتحال کا پتہ چل جاتا ہے پاؤں زمین کے قریب ہونے کی وجہ سے بہت جلد جراثیم کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ انہیں صاف رکھنا اور متعدد بار دھونا بہت ضروری ہے یہ نعمت نمازی کو وضوء کے دوران نصیب ہو جاتی ہے۔ اسے کہتے ہیں ہم خرما و ہم ثواب کہ وضوء کرنے سے گناہ بھی جھڑ گئے اور جسمانی بیماریوں سے بھی نجات مل گئی۔

وضوء کے ان فضائل، معارف اور فوائد و ثمرات کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ رب العزت نے وضوء کا حکم فرما کر ہمارے اوپر کس قدر احسان فرمایا۔

## آیت وضوء کے نزول سے پہلے فرضیت وضوء کا بیان:

اس جگہ ایک بحث یہ ہے کہ آیت وضو پانچ یا چھ ہجری میں نازل ہوئی اور نماز ابتداء وحی کے ساتھ مکہ میں فرض ہوگئی تھی تو ابتداء میں نماز وضوء کے ساتھ پڑھی جاتی تھی یا بلا وضوء؟

حافظ ابن عبد البر مالکی متوفی ۴۶۳ھ میں لکھتے ہیں: حضرت عائشہ رضی



Marfat.com

اللہ تعالیٰ عنہا نے جو فرمایا ہے: ''پھر اللہ عزوجل نے تیمّم کی آیت نازل کردی۔ اس سے مراد وہ آیت وضوء ہے جو سورۃ المائدۃ میں ہے۔ یا وہ آیت ہے جو سورۃ النسا میں ہے۔ ان دو آیتوں کے سواء اور کسی آیت میں تیمّم کا ذکر نہیں ہے اور یہ دونوں مدنی سورتیں ہیں اور یہ بات معلوم ہے کہ غسل جنابت وضوء سے پہلے فرض نہیں ہوا تھا۔ پس جس طرح مصنفین سیرت کے نزدیک یہ امر متحقق ہے کہ نبی کریم ﷺ پر مکہ میں نماز فرض ہوئی تھی اور غسل جنابت بھی مکہ میں فرض ہوا ہے اور یہ کہ آپ علیہ السلام نے مکہ میں کوئی بھی نماز بغیر وضوء کے نہیں پڑھی اور آپ اسی طرح وضوء کرتے تھے جس طرح مدینہ میں آپ علیہ السلام نے وضوء کیا یا جس طرح اب ہم وضوء کرتے ہیں اور یہ وہ امر ہے کہ اس سے کوئی عالم بھی ناواقف نہیں ہے اور سوائے ہٹ دھرم کے اس کی کوئی بھی مخالفت نہیں کرے گا (۱)

علامہ محمد بن علی بن محمد حصکفی حنفی لکھتے ہیں: آیت وضوء اجماعاً مدنی ہے اور تمام اہلِ سیرت کا اس پر اجماع ہے کہ وضوء اور غسل مکہ میں نماز کے ساتھ فرض ہوگئے تھے اور نبی کریم ﷺ نے کبھی بغیر وضوء کے نماز نہیں پڑھی' بلکہ ہم سے پہلی شریعت میں بھی وضوء فرض تھا۔ کیونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا یہ میرا وضوء ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کا وضوء ہے۔ اور اصول فقہ میں یہ مقرر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بغیر انکار کے کوئی قصہ بیان کریں اور اس کا نسخ ظاہر نہ ہو تو وہ بھی ہماری شریعت ہے۔ اور اس آیت کے نزول کا یہ فائدہ ہے کہ جو حکم پہلے ثابت ہو چکا تھا اس کو مقرر اور ثابت کیا جائے (۲)

---

(۱) الاستذکار ج ۳ ص ۱۵۵ مطبوعہ موسۃ الرسالہ بیروت ۱۴۱۳ھ (۲) ردالمختار مع درالمختار ج ۱ ص ۶۶۔۶۱ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۴۰۷ھ۔



Marfat.com

## شرائع سابقہ اور مکی دور میں فرضیت وضوء کے متعلق احادیث:

امام علی بن عمر دار قطنی متوفی روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پانی منگوایا اور ایک ایک بار اعضاء وضوء کو دھویا۔ پھر فرمایا: یہ وضوء کا وہ طریقہ ہے جس کے بغیر اللہ تعالیٰ نماز کو قبول نہیں کرتا۔ آپ علیہ السلام نے پھر پانی منگوایا اور دو دو مرتبہ اعضاء وضوء کو دھویا' پھر فرمایا جس نے اس طرح وضوء کیا اس کے لئے دگنا اجر ہے۔ آپ علیہ السلام نے تھوڑی دیر کے بعد پانی منگوایا اور اس سے اعضاء وضوء کو تین تین بار دھویا اور فرمایا یہ میرا وضوء ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کا وضوء ہے (۱)

امام دار قطنی نے اس حدیث کو متعدد اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے ہر چند کہ اس حدیث کی اسانید ضعیف ہیں لیکن تعدد اسانید کی وجہ سے وہ حسن لغیرہ ہے۔ اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ انبیاء سابقین کی شریعت میں بھی وضوء مشروع تھا۔

حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر پہلی وحی نازل ہوئی تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور آپ کو وضوء سکھایا اور جب وضوء سے فارغ ہوئے تو چلو میں پانی لے کر اپنی شرمگاہ پر چھڑکا اس حدیث کی بناء پر وضوء مکہ میں فرض ہوا۔ اور اس کی تلاوت مدینہ میں ہوئی (۲)

(۱) سنن دار قطنی ج ۱ رقم الحدیث ۲۵۷ (۲) الروض الانف ج ۱ ص ۱۶۳۔۱۶۲' مکتبہ فاروقیہ ملتان۔



Marfat.com

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا دس باتیں قدیم سے انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہیں۔ (۱) لبیں کترنا (۲) داڑھی بڑھانا (۳) مسواک کرنا (۴) وضوء یا غسل میں پانی سونگھ کر اوپر چڑھانا (۵) ناخن تراشنا (۶) انگلیوں کے جوڑ (جہاں جہاں میل جمع ہونے کا محل ہے) دھونا (۷) بغل (۸) زیر ناف بالوں کو صاف کرنا (۹) شرمگاہ پر پانی ڈالنا (۱۰) راوی نے کہا دسویں میں بھول گیا شاید کلی ہو۔(۱)

## وسوسے اور اُن کا علاج:

حدیث پاک میں ہے ایک صاحب نے رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر وسوسہ کی شکایت کی کہ نماز میں پتا نہیں چلتا دو پڑھیں یا تین۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جب تو ایسا پائے تو اپنی دہنی انگشتِ شہادت اٹھا کر اپنی بائیں ران میں مار اور بسم اللہ کہہ کہ وہ شیطان کے حق میں چھری ہے(۲)۔

عبداللہ بن مُرّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں شیطان جیسے دیکھتا ہے کہ میرا وسوسہ اس میں کارگر ہوتا ہے سب سے زیادہ اُسی کے پیچھے پڑتا ہے۔(۳)

## لطیفہ:

امام ابن حجر مکی علیہ الرحمہ اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں۔ مجھ سے بعض ثقہ لوگوں نے بیان کیا کہ دو وسوسہ والوں کو نہانے کی ضرورت ہوئی۔ دریائے نیل پر گئے طلوع صبح کے بعد پہنچے ایک نے دوسرے کو کہا تو اتر کر غوطے لگا میں

(۱) صحیح مسلم، باب خصال الفطرۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۱۲۹ (۲) بحوالہ مجمع الزوائد، باب الوسوسہ فی الصلوٰۃ بیروت ۱/۱۵۱ (۳) فتاویٰ رضویہ ج اص ۷۷۱۔



Marfat.com

گنتا جاؤں گا اور تجھے بتاؤں گا کہ پانی تیرے سر کو پہنچا یا نہیں' وہ اترا اور غوطے لگانا شروع کئے اور یہ کہہ رہا ہے کہ ابھی تھوڑی سی جگہ تیرے سر میں باقی ہے وہاں پانی نہ پہنچا۔ ایک کو صبح سے دوپہر ہوگئی آخر تھک ہار کر باہر آگیا اور دل میں شک آرہا کہ غسل اترا نہیں۔ پھر اس نے دوسرے سے کہا اب تو اتر میں گنوں گا' اس نے ڈبکیاں لگائیں اور یہ کہتا جاتا ہے کہ ابھی سارے سر کو پانی نہ پہنچا یہاں تک کہ دوپہر سے شام ہوگئی۔ مجبور وہ بھی دریا سے نکل آیا اور دل میں شک ہی رہا دن بھر کی نمازیں کھوئیں اور غسل اترنے پر یقین نہ ہوتا تھا نہ ہوا۔ یہ وسوسے ماننے کا نتیجہ تھا اور صالحین میں سے ایک صاحب فرماتے ہیں مجھے دوبارہ طہارت وسوسہ تھا راستہ کی کیچڑ اگر کپڑے میں لگ جاتی اسے دھوتا۔ (حالانکہ شرعاً جب تک خاص اس جگہ نجاست کا ہونا ثابت و متحقق نہ ہو حکم طہارت ہے) ایک دن نماز صبح کے لئے جاتا تھا راہ کی کیچڑ لگ گئی میں نے دھونا چاہا اور خیال آیا کہ دھوتا ہوں تو جماعت جاتی ہے ناگاہ اللہ عزوجل نے ہدایت فرمائی میرے دل میں ڈالا کہ اس کیچڑ میں لوٹ اور سب کپڑے اس سے بھر لے اور یونہی نماز میں شریک ہوجا میں نے ایسا ہی کیا پھر وسوسہ نہ ہوا یہ اس کی مخالفت کی برکت تھی۔

## ایک وضوء سے کئی نمازیں پڑھنے کا جواز:

اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جب تم نماز پڑھنے کا قصد کرو اور اس وقت تم بے وضوء ہو تو تم پر وضوء کرنا فرض ہے۔ اور جب کوئی شخص باوضوء ہو تو اس پر نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضوء کرنا واجب نہیں ہے وہ ایک وضوء سے کئی نمازیں پڑھ سکتا ہے۔ البتہ ہر نماز کے لئے نیا وضوء کرنا مستحب ہے۔



Marfat.com

امام محمد بن اسماعیل بخاری روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ہر نماز کے وقت وضوء کرتے تھے۔ راوی نے پوچھا آپ کیا کرتے تھے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ہم میں سے کسی ایک شخص کے لئے وضوء کافی ہوتا تھا جب تک کہ وہ بے وضوء نہ ہو(۱)

سوید بن نعمان بیان کرتے ہیں کہ غزوہ خیبر کے سال ہم رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوئے۔ جب ہم مقام صہباء پر پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز پڑھی۔ پھر آپ علیہ السلام نے جب طعام منگوایا تو صرف ستو لائے گئے ہم نے ان کو کھایا اور پیا پھر نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام مغرب کے لئے اٹھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی کی اور ہم کو مغرب کی نماز پڑھائی۔(۲)

غزوہ خیبر غزوہ فتح مکہ سے پہلے سات ہجری میں ہوا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ فتح مکہ سے پہلے بھی ایک وضوء سے کئی نمازیں پڑھتے تھے۔

امام مسلم بن حجاج قشیری روایت کرتے ہیں حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن کئی نمازیں ایک وضوء کے ساتھ پڑھیں اور موزوں پر مسح کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا آج آپ نے ایسا کام کیا ہے جو آپ (پہلے) نہیں کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے عمداً کیا ہے(۳)

---

(۱) صحیح بخاری: ج ۱رقم الحدیث ۲۱۴ (۲) صحیح البخاری: ج ۱رقم الحدیث ۲۱۵ (۳) صحیح مسلم: ج ارقم الحدیث ۲۷۷۔



Marfat.com

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسی ترمذی روایت کرتے کہ حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر نماز کے لئے وضوء کرتے تھے۔ جس سال فتح مکہ ہوا آپ نے کئی نمازیں ایک وضوء سے پڑھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا آپ نے ایسا کام کیا ہے جو آپ پہلے نہیں کرتے تھے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا میں نے عمداً کیا ہے (۱)

اس سے پہلے صحیح بخاری (رقم الحدیث ۲۱۵) کے حوالہ سے گزر چکا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ خیبر کے سال دو نمازیں ایک وضوء سے پڑھی تھی۔

ان احادیث سے یہ واضح ہوگیا کہ ہر نماز کے لئے نیا وضوء کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ جو شخص بے وضوء ہو اور وہ نماز پڑھنے کا ارادہ کرے اس کے لئے وضوء کرنا ضروری ہے۔

## پانی سے وضوء کرنے میں حکمت:

علامہ شیخ علی احمد جرجانی نقل فرماتے ہیں: اگرچہ اس امر سے ہر کوئی آگاہ ہے کہ پانی سے میل کچیل اور گندگی دور ہوتی ہے' اس سے وہ چیز ختم ہو جاتی ہے جو نظافت کے منافی ہے' شارع حکیم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم پانی سے نجاست ختم کریں' اس میں بہت بڑی حکمت کارفرما ہے' کیونکہ پانی نجاست کے وجود کو اور اس کے اثر کو ختم کر دیتا ہے اس کا اثر وہ گندی بو ہے جو ہر انسان کو اذیت دیتی ہے۔ ہر اس چیز کو اس سے اذیت ملتی ہے۔ جو اس جسم کے قریب ہو جس سے بو آرہی ہو' یہ بدبو جب ہوا میں ملتی ہے تو مسام کے ذریعے سارے جسم میں داخل

(۱) سنن ترمذی' جلد ۱' رقم الحدیث ۶۱ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔



Marfat.com

ہوجاتی ہے یہ جسم کو نقصان دیتی ہے اور صحت کو بگاڑ دیتی ہے' کیونکہ ہوا ایک سیال اور لطیف مرکب ہے جو پھیلاؤ کی صلاحیت رکھتی ہے' یہ اجسام کے تنگ مساموں میں داخل ہوجاتی ہے' یہ سارے حیوانات کو محیط ہے۔

شارع حکیم فرماتے ہیں کہ وہ پانی جس سے پاکیزگی حاصل کی جائے اس کے لئے شرط یہ ہے کہ وہ اصل طبعی حالت سے متغیر نہ ہو' پانی کی حالت طبعی رقت اور سیلان ہے کیونکہ جب یہ رقت سے سختی کی طرف منتقل ہو جائے تو وہ ناپاکی دور کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس سے کسی قسم کی پاکیزگی حاصل نہیں ہوسکتی۔ اسی طرح جب پانی میں مختلف نجاستیں مل جاتی ہیں مثلاً جب اس میں شراب یا پیشاب مل جاتا ہے تو پھر بھی اس میں نجاست دور کرنے کی صلاحیت نہیں رہتی کیونکہ قلیل پانی ناپاک ہوجاتا ہے اور ناپاک ناپاکی کو دور نہیں کرسکتا اس لئے شارع حکیم نے فرمایا: ''وہ پانی جس سے پاکیزگی حاصل کی جائے اس میں رقت اور سیلان ہونا ضروری ہے''

ذرا اس عظیم حکمت کو ملاحظہ کرو' اسے بصیرت کی آنکھ سے دیکھو' تم دیکھو گے کہ رب تعالیٰ کی کاری گری نے ہر چیز کو محکم کیا ہے۔

## وضوء اور مخصوص اعضاء کو صاف کرنے میں حکمت:

اس کارفرما حکمت میں اور دھونے کی وہ حکمت جس کا ہم عنقریب ذکر کریں گے ان میں ایک خاص مشابہت پائی جاتی ہے' اور ان میں کچھ فرق بھی ہے' ان میں مشابہت یہ ہے کہ اس سے مراد معنویہ اور حسیہ گندگی سے طہارت حاصل کرنا ہے اور ان میں فرق یہ ہے غسل سے مراد سارا جسم دھونا ہے' جبکہ وضوء سے مراد مخصوص اعضاء دھونا ہے۔



Marfat.com

وضوء کے افعال میں بعض مذاہب میں ترتیب فرض ہے اور بعض میں ترتیب سنت ہے' ہر حال میں ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم ان اعضاء کو دھوئیں' سر کا مسح کریں' خواہ سارے سر کا مسح کریں یا اس کے چوتھائی کا مسح کریں۔ اس میں بہت حکمتیں پنہاں ہیں۔

سب سے پہلے انسان اپنے ہاتھ دھونے سے آغاز کرتا ہے' یہ ایسے اعضاء ہیں جو دیگر اکثر اعضاء کے لئے استعمال ہوتے ہیں مثلاً مصافحہ کرنا' اشیاء وغیر پکڑنا۔

پھر انسان کلی کرتا ہے' کیونکہ یہ ان بخارات کی قرار گاہ ہے جو پیٹ سے اُٹھتے ہیں' اس سے بو پیدا ہوتی ہے اور ان ذرات کے آثار بھی ہوتے ہیں جو دانتوں کے درمیان پھنسے ہوتے ہیں' نیز یہ کہ انسان کو علم ہو جائے کہ وہ اپنی اصلی طبعی حالت پر ہے یا نہیں۔

پھر انسان ناک میں پانی ڈالتا ہے تاکہ ناک صاف کرے اس سے مٹی وغیرہ نکال دے' نیز یہ کہ وہ پانی کی بو بھی سونگھ لے۔

پھر انسان چہرہ دھوتا ہے' تاکہ اس سے پسینہ اور مٹی کے اثرات دور ہوسکیں کیونکہ ملاقات کے وقت سب سے پہلی نظر چہرے پر ہی پڑتی ہے' پھر ہاتھوں کو کہنیوں تک دھویا جاتا ہے' یہ دو ایسے اعضاء ہیں جو سر اور ٹانگوں کے اعضاء کے وسط میں ہیں' کہنیوں تک دھونے میں حکمت یہ ہے کہ اکثر اوقات ان پر کپڑا نہیں ہوتا' اور دیگر اعضاء پر لگی ہوئی گندگی کی وجہ سے یہ بھی گندے ہو جاتے ہیں مثلاً کان' وغیرہ ہاتھ سے ہی صاف کئے جاتے ہیں۔ ان کے بعد سر کا مسح کیا جاتا ہے' کیونکہ یہ اس پسینہ کا منبع ہے جو مسام سے خارج ہوتا ہے



Marfat.com

شارع حکیم نے اسے پانی سے دھونے کا حکم نہیں دیا' کیونکہ اس میں مشقت اور تکلیف تھی اس پر مسح پر اکتفاء کیا' اس مسح پر آئمہ اربعہ متفق ہیں' مسح کی مقدار میں ان کا اختلاف ہے۔

پھر کانوں کا مسح کیا جاتا ہے تا کہ ہوا کی وجہ سے ان میں داخل ہونے والی مٹی اور ذرات کو دور کیا جائے۔ پھر گردن کا مسح کیا جاتا ہے تا کہ سر کے اعضاء پاکیزگی سے اپنا حصہ لے لیں اس کے بعد پاؤں کو ٹخنے تک دھویا جاتا ہے۔ کیونکہ ان اعضاء پر گندگی لگی ہوئی ہے اور ان سے گندی بو آتی ہے بالخصوص ان لوگوں کے پاؤں سے بو آتی ہے جو چمڑے کے جوتے پہنتے ہیں' اس امر کا مشاہدہ اکثر انگریزوں اور ان بے نمازیوں میں کیا جاتا ہے جو انگریزوں جیسے بننے کی کوشش کرتے ہیں۔

اس کیفیت اور اس طریقہ سے کیا گیا وضوء انسان کی نظافت اور چستی کا سبب بنتا ہے' وہ دل جمعی کے ساتھ عبادت کی ادائیگی کرتا ہے' انسان اپنے آقا ومولا کے سامنے پاک اور صاف ہو کر کھڑا ہوتا ہے' یہ نظافت حسیہ ہے۔

نظافت معنویہ کی تفصیل یہ ہے کہ ہاتھ دھونے سے ہاتھوں کے سارے گناہ ختم ہو جاتے ہیں' ہاتھ کسی چیز کو پکڑنے کا آلہ ہیں' منہ دھونے سے اس سے غیبت اور چغل خوری وغیرہ کی گندگی ختم ہو جاتی ہے کیونکہ غیبت کی بدبو اس طرح ہوتی ہے۔ جس طرح مردار کی بدبو رہتی ہے۔ غیبت کی بدبو وہی سونگھ سکتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے صحیح ایمان کی توفیق عطا فرمائی۔ اور ان کے قلوب کو پاک و صاف کر دیا ہو' ارشادِ ربانی ہے: ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا

(الحجرات:١٢)



Marfat.com

ترجمہ: کیا پسند کرتا تم میں سے کوئی شخص کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے۔
اسی لئے حضرت ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: غیبت کرنے والا اگر روزہ دار ہے تو اسے روزہ توڑ دینا چاہیے۔
اسی طرح کان فضول باتیں گندا اور فحش کلام سنتے ہیں' ناک سے گندی بو سونگھی جاتی ہے' چہرہ میں دو آنکھیں ہیں' جن کی وجہ سے غیر محرموں پر نظر پڑتی ہے' حرام اشیاء کی طرف نظر اٹھ جاتی ہے۔ ٹانگوں کے ذریعے انسان چل کر اس جگہ جاتا ہے جس جگہ جانا حرام ہے مثلاً فسق و فجور کی جگھوں پر جانا شراب کی دوکانوں پر جانا غیبت اور چغل خوری کی مجالس میں جانا' لیکن سر سے اس طرح کا کوئی گناہ صادر نہیں ہوتا جس طرح کا گناہ دیگر اعضاء کرتے ہیں' رب تعالیٰ نے ان اعضاء کے قرب کی وجہ سے صرف اس پر مسح کرنے کا حکم دیا۔ کیونکہ گناہ کا قرب گناہ کے ارتکاب سے کم ہے' نیز یہ کہ سر دھونے میں بہت بڑی مشقت تھی' دین تو آسانی کے لئے ہے نہ کہ تنگی کے لئے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے' انہوں نے فرمایا: حورعین سے مباشرت کے لئے استنجاء مشروع قرار دیا گیا' ہاتھوں کو دھونے کا حکم دیا گیا تا کہ انسان جنت کے دستر خوانوں پر کھا سکے' کلی کا حکم اس لئے دیا گیا تا کہ انسان رب دو جہاں سے ہم کلام ہونے کا شرف حاصل کر سکے' ناک صاف کرنے کا حکم اس لئے دیا گیا تا کہ انسان جنت کی خوشبو سونگھ سکے۔ چہرہ دھونے کا حکم اس لئے دیا گیا تا کہ وہ ذات خداوندی کا دیدار کر سکے۔ ہاتھ کو کہنیوں تک دھونے کا حکم اس لئے دیا گیا تا کہ انسان ان پر سونے کے کنگن پہن سکے' جنت میں تاج سجانے کے لئے سر کا مسح کرنے کا حکم دیا گیا' کانوں کا مسح کرنے کا حکم دیا گیا تا کہ انسان رب



Marfat.com

العالمین کا کلام سماعت کر سکے' ٹانگوں کو دھونے کا حکم اس لئے دیا گیا' تا کہ انسان چل کر جنت میں داخل ہو۔

## حضور سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جب ایک مسلمان بندہ وضوء کرتا ہے وہ کلی کرتا ہے تو اس کے منہ سے گناہ جڑ جاتے ہیں' جب ناک صاف کرتا ہے تو ناک سے لغزشیں نکل جاتی ہیں' چہرہ دھوتا ہے تو چہرہ سے خطائیں نکل جاتی ہیں۔ حتیٰ کہ انسان کے ناخنوں کے نیچے سے بھی غلطیاں نکل جاتی ہیں۔ جب وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے تو اس کے سر سے لغزشیں نکل جاتی ہیں' حتیٰ کہ اس کے کانوں سے نیچے کے بھی غلطیاں نکل جاتی ہیں' پھر وہ مسجد کی طرف چل کر جاتا ہے تو اس کی نماز اس کے لئے عطیہ بن جاتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

''صحیح وضو شیطان کو تجھ سے دور کر دے گا''

حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

جو یہ طاقت رکھتا ہے کہ وہ صرف اور صرف پاک حالت میں ذکر کرتے ہوئے اور استغفار کرتے ہوئے رات بسر کرے تو وہ اس طرح ضرور کرے کیونکہ ارواح کو اسی حالت میں اٹھایا جائے گا جس میں انہیں قبض کیا جائے گا وضو میں ہی عظیم حکمت کارفرما ہے۔ اگر تم ان افراد میں سے ہو جن کے دلوں کو رب تعالیٰ نے اپنے نور سے منور کر دیا ہے تو تمہیں ضرور علم ہو گیا ہو گا کہ رب تعالیٰ نے ہمیں وضوء اور دیگر عبادات کا مکلّف صرف اس لئے بنایا ہے کیونکہ ان کی منفعت لوٹ کر ہماری طرف ہی آتی ہے۔ ان سے ہمیں صحت نصیب ہوتی



Marfat.com

ہے' نفس آداب سیکھتا ہے۔

ان چیزوں کی حکمت جن سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے۔

تم یہ تو جانتے ہو کہ وضوء کے معنی نظافت ہے' ایک انسان کسی بادشاہ یا عظیم آدمی سے ملاقات نظافت اور پاکیزگی کی حالت میں ہی کرسکتا ہے' جیسا کہ پہلے تذکرہ ہو چکا ہے تو اس وقت اس کی کیا حالت ہوگی جیسے وہ اپنے رب تعالیٰ اور اپنی پیشانی کے مالک کے سامنے کھڑا ہوگا۔

شارع حکیم نے انسان پر اس وقت وضوء فرض کیا ہے جب وہ مالک الملوک کے سامنے کھڑا ہونے لگے اور وہ باوضوء ہو۔ آداب دینیہ میں اسے خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ وضوء سے جسم میں چستی آجاتی ہے۔ انسان کسی غفلت اور کاہلی کے بغیر نماز پڑھتا ہے تاکہ اس کی نماز حریم ناز میں مقبول ہوجائے اس لئے وہ شوق وذوق اور دلجمعی سے نماز پڑھتا ہے۔

وضوء ہوا نکلنے' گراں نیند سے اور منہ بھر کرقے آنے سے ٹوٹ جاتا ہے' اس میں یہ حکمت کارفرما ہے کہ ان امور کا لاحق ہوجانا اس نظافت حسیہ کے منافی ہے جو انسان پر واجب ہے کہ وہ اس کے ساتھ اس وقت متصف ہو جب وہ اپنے خالق اور رب تعالیٰ کے حضور کھڑا ہو' یہ بات تم سے مخفی نہ رہے کہ جب منہ بھر قے آتی ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ وہ نجاست کی جگہ سے نکلی ہے جب قے تھوڑی ہو تو یہ اس امر کی دلیل ہے یہ پاکیزہ جگہ سے نکلی ہے۔

اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ اس ہوا کے نکلنے کی وجہ سے جو نواقض وضو میں سے ہے اس عضو کو نہیں دھویا جاتا جس سے ہوا نکلتی ہے' حالانکہ وہ ہوا تو اسی عضو سے نکلتی ہے' اور اس کی وجہ سے وضو کیا جاتا ہے' لیکن دوسرے ان اعضاء



Marfat.com

کو دھویا جاتا ہے جن کا وضوء توڑنے میں کوئی دخل نہیں۔ ہم اس شخص کو یہ جواب دیں گے کہ اس جگہ سے نکلنے والی ہوا کا ظاہراً تو تھوڑا سا اثر بھی نہیں کہ ہم کہیں کہ دھونے سے وہ اثر ختم ہوگیا ہے یہ جگہ ان جگہوں میں سے بھی نہیں جن پر نظر پڑتی ہو کہ اسے دیگر اعضاء کی طرح دھویا جائے جنہیں وضوء کرتے وقت دھویا جاتا ہے۔ لیکن اس ہوا کے نکلنے کی وجہ سے جسم میں سستی آجاتی ہے۔ انسان سے گندی بو بھی آتی ہے۔ ان اعضاء کو دھونے کی وجہ سے وہ کاہلی ختم ہوجاتی ہے لیکن یہ مخصوص عضو ان اعضاء میں سے نہیں جنہیں دھونے یا جن کا مسح کرنے سے چستی حاصل ہو اور جسم میں نشاطگی آجائے۔ وضوء کرتے وقت نجاست محسوسہ کو ختم کرنے میں یہی حکمت کارفرما ہے۔ جہاں تک نجاست معنویہ دور کرنے کا تعلق ہے وہ یہ ہے کہ جب ہوا پیٹ سے نکلتی ہے تو وہ اس مرض کی وجہ سے نکلتی ہے جس سے انسان کو نجاست ملتی ہے' اگر یہ ہوا انسان کے پیٹ میں رہتی تو انسان کو بہت زیادہ نقصان دیتی اور اس کے لئے خطرہ بن جاتی۔ اس کا نکلنا انسان کے لئے شفاء ہے۔ اس کے بعد وضوء کرنا رب تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنا ہے جس نے اسے نکال کر انسان کو شفایاب کیا۔

ہم کہتے ہیں کہ وضوء توڑنے والی اشیاء (نواقض وضو) ایسی ہیں جو نظافت کے منافی ہے وہ چیزیں ہوا اور منہ بھر کرتے آنا ہے۔ بہت سے کہنے والے یہ بھی کہتے ہیں کہ شارع حکیم نے گراں نیند کو بھی نواقض وضوء میں شامل کیا ہے۔ اس کا تعلق نہ پاکیزگی کے ساتھ ہے نہ گندگی کے ساتھ۔ ہم اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ ثقیل نیند سے انسان کا شعور ختم ہوجاتا ہے' اس کی وجہ سے جسم میں سستی آجاتی ہے' اس حالت میں انسان کو یہ شعور بھی نہیں ہوتا کہ اس کی



Marfat.com

ہوا نکلی ہے یا کہ نہیں۔ جب انسان نیند کی وادی میں چلا جاتا ہے تو اسے ہوا نکلنے کا شعور یا علم نہیں ہوسکتا۔

وضوء کی فضیلت میں بہت سی احادیث وارد ہیں۔ یہ فضیلت بھی ان حکمتوں میں داخل ہے جس کا ہم نے تذکرہ کیا ہے جیسا کہ حضور اکرم شفیع امم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''وضوء مومن کا ہتھیار ہے'' کیونکہ جب انسان نجاست حسیہ اور معنویہ سے پاک ہوگا تو انسان کا نفس ملائکہ کے قریب تر ہوگا۔ شیطان اسے گناہوں پر ابھار نہ سکے گا تو وضوء ہتھیار کی مانند ہوگا۔ جس کے ساتھ وضوء کرنے والے نے شیطان کا مقابلہ کیا۔

شارع حکیم نے اس شخص کے لئے بھی وضوء مستحب قرار دیا ہے۔ جو اشعار پڑھے کیونکہ شاعر غالباً اس کی تعریف کر جاتا ہے جو تعریف کا مستحق نہیں ہوتا اور اس آدمی کی مذمت کرتا ہے جو مذمت کا مستحق نہیں ہوتا شعر پڑھنے کے بعد وضوء کرنے سے وہ نجاست معنویہ ختم ہوجاتی ہے جو لغو قول اور فحش کلام کی وجہ سے انسان کے ساتھ مل گئی تھی۔ ہم اس جگہ وضوء کے طبی فوائد کا تذکرہ بھی کرتے ہیں جن سے علم حاضرہ سے پردہ اٹھایا ہے۔ بعض بڑے بڑے ڈاکٹرز کہتے ہیں۔

طبی اعتبار سے وضوء کرنے کے بہت سے فوائد ہیں' اگر ایک دن میں منہ کو کئی بار دھویا جائے تو انسان کو دانتوں کے امراض لاحق نہیں ہوتے' اسی طرح ناک کو ٹھنڈے پانی سے دھویا جائے تو زکام نہیں لگتا' گویا کہ الفاکسین کا ٹیکہ لگانا ہے۔ بہت سے اسپشلسٹ ڈاکٹرز نے وضوء کے یہ فوائد تحریر کیئے ہیں۔ اسی طرح چہرہ' کان اور ہاتھ دھونے کے فوائد عیاں ہیں۔ کیونکہ چہرے اور کان اور



Marfat.com

ہاتھ کو بہت سی جلدی امراض لگ جاتی ہیں' انہیں سوزش کا مرض بھی لاحق ہوجاتا ہے' اگر ایک دن میں پانچ بار انہیں دھویا جائے تو انسان ان امراض سے بھی بچ جاتا ہے۔

اس کی مزید تفصیل یہ ہے کہ جراثیم کی اکثریت جلد کے پھٹنے سے جسم میں داخل ہوجاتی ہے' جس طرح یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ اگر ان اعضاء کو بار بار دھویا جائے تو یہ اعضاء ان جراثیموں سے محفوظ رہ سکتے ہیں' کیونکہ جلد کا بیرونی حصہ ہر قسم کے جراثیم کے اندر داخل ہونے سے روکتا ہے۔ اگر اس میں پھٹن آجائے خواہ وہ معمولی ہی ہو تو اس وقت اس کا عمل معطل ہوجاتا ہے اور جراثیم جسم میں داخل ہونے لگتے ہیں۔ ان اعضاء کی صفائی نہ کی جائے تو معمولی پھٹن جلد پر آجاتی ہیں۔ اگر ہاتھ گندگی سے ملوث ہوجائیں تو ان سے جراثیم منہ میں داخل ہوجاتے ہیں' اگر ہاتھ بار بار دھوئے جائیں تو ان جراثیم سے بچاؤ ہوسکتا ہے' وضوء کرنے میں حسیہ' معنویہ اور طبیہ حکمتیں کارفرما ہیں' انہیں خوب سمجھ لو' ان پر خوب عمل کرو' تاکہ تم ان لوگوں میں ہوجاؤ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا ہے۔(1)

## مسواک کے بارے میں عبرتناک واقعہ:

علامہ ابن کثیر نے ابن خلکان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حوالے سے اپنی شہرہ آفاق کتاب (البدایہ والنہایہ) میں ذکر کیا ہے کہ ایک شخص ابوسلامہ نامی جو بصریٰ مقام کا باشندہ اور نہایت بے باک اور بے غیرت تھا۔ اس کے سامنے مسواک کے فضائل ومناقب اور محاسن کا ذکر آیا تو اس نے ازراہِ غیظ وغضب قسم

(1) حکمۃ التشریع وفلسفتہ ص ۱۱۹۔۱۱۳ مطبوعہ زاویہ پبلشرز دربار مارکیٹ لاہور۔



Marfat.com

کھا کر کہا کہ میں مسواک کو اپنی سرین میں استعمال کروں گا۔ چنانچہ اس نے اپنی سیرین میں مسواک گھما کر اپنی قسم کو پورا کر کے دکھایا اور اس طرح مسواک کے ساتھ سخت بے حرمتی اور بے ادبی کا معاملہ کیا جس کی پاداش میں قدرتی طور پر ٹھیک نو مہینہ بعد اس کے پیٹ میں تکلیف شروع ہوئی اور پھر ایک (بدشکل) جانور جنگلی چوہے جیسا اس کے پیٹ سے پیدا ہوا جس کی ایک بالشت چار انگلی کی دم، چار پیر، مچھلی جیسا سر اور چار دانت باہر کی جانب نکلے ہوئے تھے پیدا ہوتے ہی یہ جانور تین بار چلایا جس پر اس کی بچی آگے بڑھی اور سر کچل کر اس نے جانور کو ہلاک کر دیا اور تیسرے دن یہ شخص بھی مر گیا۔ (۱)۔

## مسواک کی فضیلت:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر مجھے اپنی امت کے مشقت میں پڑنے کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو ہر نماز کے ساتھ مسواک کا حکم دیتا (۲)۔

## مسواک کا اجر:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مسواک کر کے ادا کی ہوئی نماز کو ۷۰ گنا فضیلت حاصل ہے غیر مسواک والی نماز سے (۳)۔

(۱) البدایہ والنہایہ ج ۱۳ ص ۲۰۷ (۲) صحیح بخاری، باب الجمعہ نمبر ۸ ص ۱۲۲ مکتبہ قدیمی کتب خانہ کراچی پاکستان (۳) المسند جلد ۱ ص ۲۸۵۔



Marfat.com

## دو رکعتیں مسواک والی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا دو رکعتیں مسواک والی بغیر مسواک والی ستر رکعتوں سے افضل ہے (۱)۔

## اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے مسواک کرو

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم مسواک کے نہ ہونے پر انگلیوں سے صفائی کیا کرتے تھے۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر مسواک نہ ہو تو انگلیاں دانتوں سے رگڑ لیا کرو۔ (۳)

## مسواک کے دینی فوائد:

بعض صحابہ کرام علیہم الرضوان مسواک قلم کی طرح اپنے کان پر رکھتے تھے علماء کرام نے مسواک کے تقریباً ۷۰ فوائد لکھے ہیں ان میں چند ایک نقل کیے جاتے ہیں۔

(۱) منہ کو صاف کرتی ہے (۲) وضاحت میں اضافہ کرتی ہے (۳) اللہ تعالیٰ کی رضا کا سبب ہے (۴) شیطان کو غصہ دلاتی ہیں (۵) نیکیوں کو زیادہ کرتی ہے (۶) مسواک کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ اور فرشتے محبوب رکھتے ہیں (۷) نماز کے ثواب کو بڑھاتی ہے (۸) پل صراط پر چلنا آسان ہو جائے گا (۹) مسوڑھوں کو قوت

(۱) الترغیب والترھیب جلد ۱ ص ۱۰۲ مطبوعہ مکتبہ محمودیہ سرکی رڈ کوئٹہ (۲) ابوداؤد شریف جلد ص (۳) سنن الکبریٰ جلد اول ص ۴۱ مطبوعہ بیروت۔



Marfat.com

دیتی ہے (۱۰) دانتوں کو مضبوط کرتی ہے (۱۱) معدے کو تقویت دیتی ہے (۱۲) دانتوں کو سفید کرتی ہے (۱۳) بلغم کو قطع کرتی ہے (۱۴) کھانے کو ہضم کرتی ہے (۱۵) منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے (۱۶) صفرآء کو دور کرتی ہے (۱۷) روح نکلنے کو آسان کرتی ہے (۱۸) بڑھاپا دیر میں آتا ہے (۱۹) موت کے سواء ہر مرض کی شفاء ہے (۲۰) سر کی رگوں، پٹھوں، اور دانتوں کے درد کو سکون دیتی ہے (۲۱) نگاہ کو تیز کرتی ہے (۲۲) منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے (۲۳) سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ مرتے وقت کلمہ پڑھنا نصیب ہوتا ہے (۱)

## مسواک کی بے ادبی کرنے والے کا انجام:

اس کا واقعہ پچھلے صفحہ میں گزر گیا ہے۔ وہاں رجوع کریں۔

نوٹ: ہم بھی مسواک کر کے جوتوں والی جگہ پر پھینک دیتے ہیں جو کہ سخت بے ادبی ہے، مسواک کر لینے کے بعد کسی ایسی جگہ رکھ دیا جائے جہاں بے ادبی نہ ہو۔

## بزرگان دین کی وضوء سے محبت:

حضرت ابراہیم بن ادھم علیہ الرحمہ کا وضوء آپ علیہ الرحمہ ایک رات میں ۷۰ سے زائد مرتبہ اٹھتے اور ہر بار وضوء کرتے اور وضوء کے بعد دو رکعت نفل ادا کرتے۔ (۲)

## جب بیدار ہوتے وضوء کرتے:

حضرت مصری علیہ الرحمہ رات بھر باوضوء رہتے تھے جب سو جاتے تو اٹھ کر

(۱) فیوضات رضویہ ج ۱ ص ۱۶۳ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور (۲) حسن نماز ص ۱۲۴ مطبوعہ فیروز سنز لاہور۔



Marfat.com

فوراً وضوء کرتے تھے ایک اور بزرگ علیہ الرحمہ روزانہ ۷۰ بار وضوء کرتے تھے [1]۔

## آنکھ چلی جائے وضوء نہیں چھوڑوں گا:

صاحب روح البیان الامام العلامۃ الفاضل شیخ اسماعیل حقی علیہ الرحمہ اپنی شہرہ آفاق تفسیر روح البیان شریف میں نقل فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ علیہ الرحمہ تھے جن کی آنکھ میں پانی اتر آیا حکماء نے کہا کہ چند دن وضوء نہ کرو تو علاج ہو جائے گا آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی تو بزرگ علیہ الرحمہ نے جواباً کہا کہ میں اندھا ہونا تو برداشت کرلوں گا لیکن وضوء چھوڑنا مجھے گوارا نہیں۔ [2]

## کیا محبت ہے وضو سے

ایک بزرگ علیہ الرحمہ کے منہ پر زخم تھا جو بارہ برس تک ٹھیک نہ ہو سکا۔ کیونکہ پانی ان کے لئے مضر تھا مگر وہ وضوء ضرور کرتے تھے۔ [3]

## وضوء سے دل میں صفائی

امام غزالی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جب تم وضوء کر کے کھڑے ہوتے ہو تو اپنے قلب میں صفائی پاتے ہو جو وضوء سے پہلے نہ تھی وضوء کا اثر بدن سے بڑھ کر دل تک پہنچتا ہے [4]

**فائدہ:** اس سے معلوم ہوا کہ صوفیاء کرام علیہ الرحمہ کو وضوء سے زیادہ محبت کیوں ہے؟ اسی لئے انکا دل صاف ہوتا ہے کہ ان کو وضوء سے محبت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ عالیہ میں عرض ہے کہ ہم کو بھی وضوء کی محبت عطاء فرمائے۔

---

(۱) حسن نماز ص ۱۲۳ مطبوعہ فیروز سنز لاہور (۲) روح البیان ج ۲ ص ۴۲۷ مطبوعہ رحمانیہ کتب خانہ لاہور
(۳) حسن نماز ص ۱۲۴ مطبوعہ روز سنز لاہور (۴) حسن نماز ص ۱۲۲ مطبوعہ فیروز سنز لاہور۔



Marfat.com

## حضرت ابراہیم خواجہ علیہ الرحمہ کی وضوء سے محبت:

آپ علیہ الرحمہ جب سفر پر ہوتے تو مشک پانی کی ساتھ ہوتی تھی اگر آپ علیہ الرحمہ کوفہ سے مکہ جاتے تو بھی اتنا پانی ساتھ رکھتے تھے کہ آپ کو سارے راستہ میں صوفی کو دیکھو تیمّم کی ضرورت پیش نہ آتی اور آپ علیہ الرحمہ فرمایا کرتے تھے جب تم صوفی کو دیکھو اس کے پاس پانی نہ ہو تو سمجھ لو کہ اس نے نماز کو ترک کرنے کا عزم کر رکھا ہے (۱)

## حضرت سعید بن میسّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وضوء مبارک:

فقیہ اعظم حضرت مفتی محمد شریف الحق امجدی علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن میسّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۵۰ سال عشاء کے وضوء سے فجر کی نماز ادا فرمائی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام فرماتے ہیں کہ جب بھی میں مسجد جاتا ہوں آپ کو مسجد میں دیکھتا ہوں تقریباً ۴۰ سال ہوگئے۔ (۲)

## حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل مبارک:

آپ علیہ الرحمہ نے ۴۰ سال عشاء کے وضوء سے نماز فجر ادا فرمائی۔ (۳)

## حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا معمول مبارک:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۴۰ سال عشاء کے وضوء سے فجر کی نماز ادا فرمائی۔ (۴)

---

(۱) حسن نماز ص ۱۲۴ مطبوعہ فیروز سنز لاہور (۲) نزہۃ القاری جلد ۱ ص ۶۱۷ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور (۳) کشف الغمہ عن جمیع الامۃ۔ ج ۱ ص ۵۵ مطبوعہ بیروت (۴) کشف الغمہ عن جمیع الامۃ ج ۱ ص ۵۵ مطبوعہ بیروت۔



Marfat.com

## مسح کرنے کا اجر:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی بندہ وضوء میں پانی کے ساتھ مسح کرتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ ہر بال کے بدلے میں ایک گناہ معاف فرماتا ہے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر گناہ بالوں سے کم ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تب اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی جگہ ساری نیکیاں عطاء فرماتا ہے فرمایا اور جو بھی کوئی قطرہ تمہارے سروں اور تمہاری داڑھیوں سے ٹپکتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ ہر ایک بال کے بدلے میں ایک گناہ معاف فرماتا ہے۔ (۱)

## وضوء میں وسوسہ ڈالنے والا شیطان:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وضوء کے لئے بھی ایک شیطان ہے اس کا نام ولہان ہے تم پانی کے بارے میں اس کے وسوسوں سے بچو۔ (۲)

## اگر ایک آدمی کا وضوء ٹوٹ جائے تو؟

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اگر کسی کے وضوء ٹوٹنے کی بو سونگھتے تو سارے وضوء کرتے تھے۔ جس کا وضوء ٹوٹتا اس کی پردہ پوشی کرتے تا کہ اس کو شرمندگی نہ ہو (۳)

## نماز میں قہقہہ لگائے تو؟

حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

(۱) کشف الغمہ، ج ا ص ۶۰ مطبوعہ بیروت (۲) کشف الغمہ، ج ا ص ۶۲، مطبوعہ بیروت (۳) کشف الغمہ ج ا ص ۶۲ مطبوعہ بیروت۔



Marfat.com

علیہ وسلم نے حالت نماز میں قہقہہ لگانے پر وضوء کا حکم دیا۔(۱)

## صلیب کو ہاتھ لگ جائے تو؟

حضرت سیدنا امام ربانی کاشف رموز حقانی حضرت امام عبدالوہاب شعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل فرماتے ہیں ایک عیسائی کی صلیب کو حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ مبارک لگ گیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوراً گئے اور وضوء فرمایا پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا وضوء اس لئے کیا ہے کہ یہ پلیدی ہے (۲)

## ہاتھ اگر یہودی کو لگ جائے تو؟

حضرت سیدنا امام عبدالوہاب شعرانی سرکار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جب کسی یہودی کو ہاتھ مبارک لگ جاتا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وضوء دوبارہ کیا کرتے تھے۔(۳)

ان دونوں حدیثوں سے حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہودیت اور عیسائیت سے نفرت معلوم ہوتی ہے کاش کہ آج کے مسلمان جو یہود و نصاریٰ کے غلام بننے پر فخر کرتے ہیں ان دو حدیثوں سے سبق پکڑتے اور تھوڑی غیرت پیدا کریں تاکہ ان کی گئی ہوئی عزت واپس آتی۔ دوسرا فائدہ اس حدیث سے یہ حاصل ہوا کہ بد مذہب کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیئے۔ خدا ان کو غیرتِ دینی عطاء فرمائے جو لوگ بد مذہبوں سے مصافحہ و معانقہ کر کے فخر محسوس کرتے ہیں۔

## پاؤں کی انگلیوں کے خلال کو ترک کرنے پر وعید

حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ انگلیوں

(۱) کشف الضمہ' جلد ۱ ص ۶۳' مطبوعہ بیروت (۲) کشف الغمہ' جلد ۱' صف ۶۳' مطبوعہ بیروت
(۳) کشف الغمہ ج ۱ ص ۶۳ مطبوعہ بیروت۔



Marfat.com

کا خلال کرو پانی کے ساتھ وگرنہ جہنم کی آگ سے خلال کرایا جائے گا۔(۱)

## پاؤں کو دھونا ہے مسح نہیں

حضرت اشہب فرماتے ہیں کہ امام مالک علیہ الرحمہ سے سوال کیا گیا آیت مبارکہ کے بارے میں (وامسحو برء وسکم وارجلکم الی الکعبین) میں ارجلکم ہے یا ارجِلکم ہے؟ حضرت سیدنا امام مالک علیہ الرحمہ نے فرمایا ہر حکم غسل ہے مسح کا نہیں پاؤں کو دھویا جائے مسح نہیں کیا جائے گا۔

آپ علیہ الرحمہ سے عرض کی گئی کہ کوئی پاؤں پر صرف مسح کرے تو مسح کفایت کر جائے گا؟ حضرت سیدنا امام مالک علیہ الرحمہ نے فرمایا مسح کفایت نہیں کرے گا۔(۲)

## پاؤں کی ایڑیاں خشک چھوڑنے والوں کے لئے وعید:

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ روایت فرماتے ہیں: کہ رسول اللہ تعالیٰ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا وضوء میں ایڑیاں خشک چھوڑنے والوں کے لئے جہنم سے ویل ہے۔(۳)

## وضوء سے رزق میں برکت:

تاجدارِ مدینہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضوء پر ہمیشگی اختیار کرو تمہارا رزق وسیع کر دیا جائے گا۔(۴)

---

(۱) مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۲۱ (۲) تفسیر طبری ج ۴ ص ۵۵ ۲۷ مکتبہ عثمانیہ کانسی روڈ کوئٹہ (۳) مسند ابی عوانہ ج ۱ ص ۲۱۲ (۴) روح البیان ج ۲ ص ۴۲۷ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور۔



Marfat.com

# اصطلاحاتِ شرعیہ

## فرض کی تعریف:

جو دلیل قطعی سے ثابت ہو یعنی ایسی دلیل جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔ (۱)

## واجب کی تعریف:

وہ جس کی ضرورت دلیل ظنی سے ثابت ہو۔ (۲)

## سنت کی تعریف

وہ ہے جس کو حضور ﷺ نے ہمیشہ کیا ہو البتہ بیان جواز کے لئے کبھی ترک بھی کیا ہو (۳)

## مستحب کی تعریف:

وہ کہ نظر شرع میں پسند ہو مگر ترک پر کچھ ناپسندی نہ ہو، خواہ خود حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے کیا یا اس کی ترغیب دی یا علمائے کرام نے پسند فرمایا اگرچہ احادیث میں اس کا ذکر نہ آیا۔ (۴)

## مباح کی تعریف:

وہ جس کا کرنا اور نہ کرنا یکساں ہو۔ (۵)

## سنت غیر مؤکدہ کی تعریف:

وہ عمل جس پر حضورِ اقدس ﷺ نے مداومت (ہمیشگی) نہیں فرمائی، اور

---

(۱) فتاویٰ فقیہ ملت، ج ۱ ص ۲۰۳ (۲) فتاویٰ فقیہ ملت، ج ۱ ص ۲۰۴ (۳) فتاویٰ فقیہ ملت، ا ص ۲۰۴ (۴) بہارِ شریعت، حصہ ۲ ص ۵ (۵) بہار شریعت حصہ ۲ ص ۵۔



Marfat.com

نہ اس کے کرنے کی تاکید فرمائی لیکن شریعت نے اس کے ترک کو ناپسند جانا ہو اور آپ ﷺ نے وہ عمل کبھی کیا ہو۔ (۱)

## مکروہ تحریمی:

جس کی ممانعت دلیل ظنی سے لزوماً ثابت ہو' یہ واجب کا مقابل ہے۔ (۲)

## مکروہ تنزیہی:

وہ عمل جسے شریعت ناپسند رکھے مگر عمل پر عذاب کی وعید نہ ہو' یہ سنتِ غیر مؤکدہ کے مقابل ہے۔ (۳)

## اِساءت:

وہ ممنوع شرعی جس کی ممانعت کی دلیل حرام اور مکروہ تحریمی جیسی تو نہیں مگر اس کا کرنا بُرا ہے' یہ سنتِ مؤکدہ کے مقابل ہے۔ (۴)

## خلاف اولیٰ:

وہ عمل جس کا نہ کرنا بہتر ہو۔ یہ مستحب کا مقابل ہے (۵)

## فرض کفایہ:

وہ ہوتا ہے جو کچھ لوگوں کے ادا کرنے سے سب کی جانب سے اداء ہو جاتا ہے اور کوئی بھی اداء نہ کرے تو سب گناہ گار ہوتے ہیں۔ جیسے نماز جنازہ وغیرہ۔ (۶)

---

(۱) بہارِ شریعت' حصہ۲ ص ۵۔ فتاویٰ فقیہ ملت' ج۱ ص۲۰۴ (۲) رکن دین' ص ۴' بہارِ شریعت' حصہ۲ ص ۵ (۳) بہار شریعت' حصہ۲ ص ۶ (۴) بہارِ شریعت' حصہ۲ ص ۶ ہمارا اسلام' ص ۲۱۵ (۵) بہارِ شریعت' حصہ۲ ص ۶ (۶) وقار الفتاویٰ' ج۲ ص ۵۷۔



Marfat.com

## حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وضوء:

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر فرض نماز کے لئے نیا وضوء فرماتے تھے۔ (۱)

## وضوء اور سیدنا امام حسن اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما:

علامہ کردری علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں کہ سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بار دریائے فرات کے کنارے ایک بوڑھے دیہاتی کو دیکھا کہ اس نے بڑی جلدی جلدی وضوء کیا اور اسی طرح نماز پڑھی اور جلد بازی میں وضوء ونماز کے مسنون طریقے میں اس سے کوتاہی ہوگئی اور حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اسے سمجھانا چاہا انہیں یہ اندیشہ ہوا کہ یہ بوڑھا آدمی ہے کہیں اپنی غلطی سن کر خفا نہ ہوجائے۔

چنانچہ دونوں حضرات اس بوڑھے کے قریب آئے اور کہا کہ ہم دونوں جوان ہیں اور آپ تجربہ کار آدمی ہیں اور آپ وضوء اور نماز کا طریقہ ہم سے بہتر جانتے ہوں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ کو وضوء کرکے اور نماز پڑھ کر دکھائیں اگر ہمارے طریقے میں کوئی غلطی ہوتو ہماری رہنمائی فرمائیں اس کے بعد دونوں نے سنت کے مطابق وضوء کرکے نماز پڑھی بوڑھے آدمی نے دیکھا تو اپنی کوتاہی سے توبہ کی اور آئندہ یہ طریقہ چھوڑ دیا۔ (۲)

(۱) کشف الغمہ، جلد اول ص ۵۳، مطبوعہ بیروت لبنان (۲) جواہر پارے ص ۱۹۲ بحوالہ مناقب الامام اعظم للعلامہ کردری علیہ الرحمہ۔



Marfat.com

## وضوء پر وضوء کا اجر:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص وضوء پر وضوء کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ (۱)

## وضوء کرنے میں کسی سے مدد نہ لینا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: کہ میں پسند نہیں کرتا کہ وضوء کرنے میں کسی سے مدد لوں۔ (۲)

## وضوء کرنے کے بعد تولیہ استعمال کرنا:

حضرت اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وضوء کرنے کے بعد اعضاء خشک کرنے کے لئے میں کپڑا دیا کرتی تھی۔ (۳)

## تولیہ استعمال نہ کرنا بھی افضل ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص وضوء کرنے کے بعد اعضاء کو خشک کرلے تو حرج نہیں اور جو شخص نہ کرے تو افضل ہے اس لئے کہ وضوء والا پانی بھی دوسرے اعمال کے ساتھ تولا جائے گا (۴)

## حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وضوء کا معمول:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ بلال رضی اللہ تعالیٰ

(۱) کشف الغمہ' جلد۱ ص۵۳' مطبوعہ بیروت لبنان (۲) کشف الغمہ' جلد۱ ص۵۶' مطبوعہ بیروت لبنان (۳) کشف الغمہ' جلد۱ ص۶۰' مطبوعہ بیروت لبنان (۴) کشف الغمہ' جلد۱ ص۶۰' مطبوعہ بیروت لبنان۔



Marfat.com

عنہ کو بلایا پھر فرمایا: کس چیز کی وجہ سے تم نے مجھ پر جنت کی طرف سبقت لی ہے۔ تیرے پاؤں کی آہٹ کو میں نے اپنے آگے سنا ہے۔ تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب بھی اذان پڑھتا ہوں اذان کے بعد دو رکعت ادا کرتا ہوں اور جب بھی بے وضوء ہوتا ہوں وضوء کرتا ہوں۔ (۱)

## سردی میں وضوء کرنے پر دوہرا اجر:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے سخت سردی میں اچھی طرح وضوء کیا اس کے لئے دوہرا اجر ہے۔ (۲)

## بے وضوء نماز ادا کرنے پر عذاب:

حضرت امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو مرنے کے بعد قبر میں رکھا گیا اس کے پاس دو فرشتے آئے انہوں نے کہا کہ ہم تجھے ماریں گے پھر انہوں نے مارا اس کی قبر آگ سے بھر گئی جب افاقہ ہوا تو اس نے پوچھا کہ کیوں مارا ہے تم نے؟ تو فرشتوں نے جواب دیا کہ تو نے ایک دن نماز بغیر وضوء ادا کی تھی۔ (۳)

## نابالغ بچہ کا وضوء:

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت امام احمد رضاء خان علیہ الرحمۃ الرحمان نقل فرماتے ہیں کہ نابالغ ہر وقت باوضوء ہے کسی حدث سے اس کا وضوء نہیں جاتا۔ (۴)

---

(۱) کشف الغمہ، جلد ۱، ص ۵۳، مطبوعہ بیروت لبنان (۲) کشف الغمہ، جلد ۱، ص ۵۳، مطبوعہ بیروت لبنان (۳) کشف الغمہ، جلد ۱، ص ۵۲ مطبوعہ بیروت لبنان (۴) فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۷۰ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور پاکستان۔



Marfat.com

### وضوء کا طریقہ:

کعبۃ اللہ شریف کی طرف منہ کر کے اونچی جگہ بیٹھنا مستحب ہے۔ وضوء کے لئے نیت کرنا سنت ہے، نیت دل کے ارادے کو کہتے ہیں، دل میں نیت ہوتے ہوئے زبان سے بھی کہہ لینا افضل ہے لہذا زبان سے اس طرح نیت کیجئے کہ میں حکم الٰہی عزوجل بجالانے اور پاکی حاصل کرنے کے لئے وضوء کر رہا ہوں۔ بسم اللہ کہہ لیجئے کہ یہ بھی سنت ہے۔ بلکہ بسم اللہ والحمد للہ کہہ لیجئے کہ جب تک باوضوء رہیں گے فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے اب دونوں ہاتھ تین تین بار پہنچوں تک دھویئے، دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال بھی کیجئے۔ کم ازکم تین تین بار دائیں بائیں اوپر نیچے کے دانتوں میں مسواک کیجئے اور ہر بار دھو لیجئے۔ حجۃ الاسلام امام محمد غزالی علیہ الرحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں۔ مسواک کرتے وقت نماز میں قرآن مجید کی قرأت اور ذکر اللہ عزوجل کے لئے منہ پاک کرنے کی نیت کرنی چاہیئے۔(۱)

اب سیدھے ہاتھ کے تین چلو پانی سے اس طرح تین کلیاں کیجئے کہ ہر بار منہ کے ہر پرزے پر پانی بہ جائے اگر روزہ نہ ہو تو غرغرہ بھی کر لیجئے۔ پھر سیدھے ہی ہاتھ کے تین چلو (اب ہر بار آدھا چلو پانی کافی ہے) سے تین بار ناک میں نرم گوشت تک پانی چڑھایئے اور اگر روزہ نہ ہو تو ناک کی جڑ تک پانی پہنچایئے، اب اُلٹے ہاتھ سے ناک صاف کر لیجئے اور چھوٹی انگلی ناک کے سوراخوں میں ڈالئے، تین بار سارا چہرہ اس طرح دھویئے کہ جہاں سے عادتاً سر کے بال اُگنا شروع ہوتے ہیں وہاں سے لیکر تھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک ہر جگہ پانی بہ جائے۔ اگر

(۱) احیاء العلوم ج ا ص ۱۸۲ دار الصادر بیروت۔



Marfat.com

داڑھی ہے اور احرام باندھے ہوئے نہیں ہیں تو اس طرح خلال کیجئے کہ انگلیوں کو گلے کی طرف سے داخل کر کے سامنے کی طرف نکالیے' پھر پہلے سیدھا ہاتھ انگلیوں کے سرے سے دھونا شروع کر کے کہنیوں سمیت تین بار دھوئیے۔ اسی طرح پھر اُلٹا ہاتھ دھولیجئے۔ دونوں ہاتھ آدھے بازو تک دھونا مستحب ہے۔ اکثر لوگ چلو میں پانی لے کر پہنچے سے تین بار چھوڑ دیتے ہیں کہ کہنی تک بہتا چلا جاتا ہے اس طرح کرنے سے کہنی اور کلائی کی کروٹ پر پانی نہ پہنچنے کا اندیشہ ہے لہذا بیان کردہ طریقے پر ہاتھ دھوئیے۔ اب چلو بھر کر کہنی تک پانی بہانے کی حاجت نہیں بلکہ یہ پانی کا اسراف ہے' اب سر کا مسح اس طرح کیجئے کہ فتاویٰ ہندیہ میں ہے والا ظھر انه یضع کفیه واصابعه علی مقدم رأسه ویمدھما الی قفاہ علی وجه یستوعب جمیع الرأس ثم یمسح اذنیه باصبعیه۔

اور اظہر یہ ہے کہ اپنی دونوں ہتھیلیاں اور انگلیاں سر کے اگلے حصے پر رکھیں اور گدی کی طرف کھینچ کر لے جائیں ایسے طریقہ پر کہ ہتھیلیاں اور انگلیاں سارے سر کو گھیر لیں پھر انگلیوں کے ساتھ کانوں کا مسح کریں (۱)

اور انگلیوں کی پشت سے گردن کے پچھلے حصے کا مسح کیجئے۔ بعض لوگ گلے کا اور دھلے ہوئے ہاتھوں کی کہنیوں اور کلائیوں کا مسح کرتے ہیں یہ سنت نہیں ہے۔ سر کا مسح کرنے سے قبل ٹونٹی اچھی طرح بند کرنے کی عادت بنالیجئے بلا وجہ نل کھلا چھوڑنے یا ادھورا بند کرنا کہ پانی ٹپکتا رہے گناہ ہے۔ اب پہلے سیدھا پھر اُلٹا پاؤں ہر بار انگلیوں سے شروع کر کے ٹخنوں کے اوپر تک بلکہ

(۱) فتاویٰ عالمگیری المعروف فتاویٰ ہندیہ ج ۱ ص ۷' مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ پاکستان۔



Marfat.com

مستحب ہے کہ آدھی پنڈلی تک تین تین بار دھو لیجئے۔ دونوں پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا سنت ہے۔ اس کا طریقہ مستحب یہ ہے کہ الٹے ہاتھ کی چھنگلیا سے سیدھے پاؤں کو چھنگلیا سے اُلٹے پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کر کے چھنگلیا پر ختم کر لیجئے۔ (عامہ کتب)

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں: ہر عضو دھوتے وقت یہ امید کرتا رہے کہ میرے اس عضو کے گناہ نکل رہے ہیں۔ (۱)

## جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں:

حدیث پاک میں ہے ''جس نے اچھی طرح وضوء کیا اور پھر آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی اور کلمۂ شہادت پڑھا اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس سے چاہے اندر داخل ہو۔ (۲)

## وضوء کے بعد سورۂ قدر پڑھنے کے فضائل:

حدیثِ مبارکہ میں ہے' جو وضوء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ قدر پڑھے تو وہ صدیقین میں سے ہے اور جو دو مرتبہ پڑھے تو شہداء میں شمار کیا جائے اور جو تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ عزوجل میدانِ حشر میں اسے اپنے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ رکھے گا۔ (۳)

## نظر کبھی کمزور نہ ہو:

جو وضوء کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۂ انا انزلناہ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ عزوجل اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہوگی۔ (۳)

(۱) احیاء العلوم مترجم' ج ۱' ص ۳۴۶ (۲) صحیح مسلم' ج ۱ ص ۱۲۲ (۳) کنز العمال ج ۹' ص ۱۳۲ حدیث ۲۶۰۸۵ دار الکتب العلمیۃ بیروت (۴) مسائل القرآن ص ۲۹۱۔



Marfat.com

## نماز نہ پڑھنا کتنا بڑا گناہ ہے؟

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جو شخص اللہ جل شانہٗ سے یوں ملاقات کرے کہ وہ نماز کو ضائع کرنے والا ہو تو اللہ جل شانہٗ اس کی کسی نیکی کی پرواہ نہیں کرے گا۔

روایت ہے کہ بنی اسرائیل کی ایک عورت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول علیہ السلام! مجھ سے بہت بڑا گناہ سرزد ہوا اور میں نے بارگاہ خداوندی میں اس گناہ سے توبہ کرلی ہے۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں کہ وہ میرے گناہ بخش دے اور میری توبہ قبول فرمائے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: تیرا گناہ کیا ہے؟ اس نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! مجھ سے زنا سرزد ہوا جس سے میرے ہاں بچہ پیدا ہوا پس میں نے اسے قتل کردیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: فاسقہ فاجرہ عورت! یہاں سے چلی جا، کہیں تیری نحوست کی وجہ سے آسمان سے آگ نازل ہوکر ہمیں بھی جلا نہ دے، چنانچہ وہ شکستہ دل ہوکر وہاں سے چلی گئی۔

اتنے میں حضرت جبرئیل علیہ السلام اُترے اور فرمایا: اے موسیٰ علیہ السلام! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے موسیٰ! توبہ کرنے والی عورت کو آپ نے کیوں واپس کردیا؟ کیا آپ نے اس سے زیادہ برائی والا نہیں دیکھا؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: جبرائیل! اس سے زیادہ شر والا کون ہے؟ فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر نماز چھوڑتا ہے۔

## نماز لیٹ کر کے پڑھنا کتنا گناہ ہے؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ طریقہ منافق کی نماز کا ہے کہ وہ سورج



Marfat.com

(کے غروب ہونے) کا انتظار کرتا ہے حتیٰ کہ جب وہ شیطان تک دو سینگوں کے درمیان ہوتا ہے تو یہ نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے اور چار مرتبہ چونچیں مارتا ہے اور وہ اللہ کا ذکر کم کرتا ہے۔(۱)

ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے کہ ان کی ایک بہن انتقال کر گئی تو وہ اس کے پاس آئے۔ دفن کے وقت ان کی مال سے بھری ہوئی تھیلی اس خاتون کی قبر میں گر گئی اور کسی کو معلوم نہ ہو سکا حتیٰ کہ وہ قبر سے واپس آ گئے' پھر لوگوں کے واپس جانے کے بعد وہ گئے اور قبر کو کھودا تو کیا دیکھتے ہیں کہ قبر میں اس خاتون پر آگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں۔ چنانچہ قبر پر مٹی ڈالی اور روتے ہوئے غمگین حالت میں اپنی ماں کے پاس آئے اور پوچھا اے ماں! مجھے میری بہن کے بارے میں بتائیں کہ وہ کیا عمل کرتی تھی؟ ماں نے کہا تم اس کے بارے میں کیوں پوچھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا امی جان! میں نے اس کی قبر میں آگ شعلہ زن دیکھی ہے۔ فرماتے ہیں ان کی ماں بھی رونے لگی اور اس نے کہا اے میرے بیٹے! تمہاری بہن نماز میں سستی کرتی تھی اور وقت سے موخر کرتی تھی۔

جو لوگ وقت پر نماز نہیں پڑھتے' ان کا یہ حال ہے تو جو بالکل نہیں پڑھتے' ان کا کیا حال ہوگا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں وقت پر نماز ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ بے شک وہ جواد و کریم ذات ہے۔

## باجماعت نماز نہ پڑھنا کتنا بڑا گناہ ہے؟

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا گیا جو دن کے

(۱) مسلم ج ۱ ص ۲۲۵۔



Marfat.com

وقت روزہ رکھتا ہے اور رات کو نوافل پڑھتا ہے لیکن نہ تو باجماعت نماز پڑھتا ہے اور نہ ہی جمعہ کی نماز تو آپ نے فرمایا اگر اسی حالت میں مرجائے تو جہنم میں جائے گا۔(۱)

حضرت عبیداللہ بن عمر قواریری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مجھ سے کبھی بھی عشاء کی نماز جماعت سے نہیں چھوٹی' ایک رات میرے گھر میں مہمان آگئے' میں ان کی وجہ سے مصروف ہوگیا تو عشاء کی نماز باجماعت نہ پڑھ سکا۔ پھر بصرہ کی کسی دوسری مسجد میں طلب جماعت کے لئے نکلا تو میں نے دیکھا کہ سب لوگ نماز پڑھ چکے ہیں اور مسجدوں کو تالے لگادیئے گئے ہیں۔ میں گھر واپس آیا اور (دل میں) کہا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ باجماعت (کا ثواب) تنہا نماز سے ستائیس درجے زیادہ ہے تو میں نے عشاء کی نماز ستائیس مرتبہ پڑھی' پھر سوگیا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں سواروں کی ایک جماعت کے ساتھ ہوں اور خود بھی گھوڑے پر ہوں ہم ایک دوسرے سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ میں گھوڑے کو ایڑ لگاتا ہوں (تیز دوڑاتا ہوں) لیکن ان تک نہیں پہنچ سکتا۔ ان میں سے ایک میری طرف متوجہ ہوا اور کہنے لگا اپنے گھوڑے کو مت تھکاؤ' تم ہم سے نہیں مل سکتے میں نے کہا کیوں؟ اس نے کہا اس لئے کہ ہم نے عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کی ہے اور تم نے تنہا پڑھی ہے۔ میں بیدار ہوا تو اس وجہ سے پریشان اور غمگین تھا۔ پس ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہماری مدد فرمائے اور ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ وہ جودوسخا والا کریم ہے۔

---

(۱) الکبائر ص ۵۱۔



Marfat.com

## زکوٰۃ نہ ادا کرنا کتنا بڑا گناہ ہے؟

حضور علیہ السلام نے فرمایا جو قوم عہد شکنی کرتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان پر ان کے دشمنوں کو مسلط کرتا ہے۔ جو قوم اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلے نہ کرے ان میں غربت پھیل جاتی ہے۔ جس قوم میں بے حیائی پھیل جائے ان میں موت عام ہو جاتی ہے جو قوم ناپ تول میں کمی کرتی ہے وہ قحط سالی کا شکار ہو جاتی ہے اور جو لوگ زکوٰۃ ادا نہیں کرتے ان سے بارش روک دی جاتی ہے۔ (۱)

حضرت محمد بن یوسف فریابی رحمہ اللہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: میں اور میرے دوستوں کی ایک جماعت حضرت ابن سنان رحمہ اللہ کی زیارت کے لئے نکلے۔ جب ہم ان کے پاس پہنچے اور وہاں بیٹھ گئے۔ انہوں نے فرمایا چلو ہم اپنے ایک پڑوسی سے ملاقات کریں ان کا بھائی فوت ہو گیا اور ہم ان سے تعزیت کریں' چنانچہ ہم ان کے ساتھ اس شخص کے پاس پہنچے تو ہم نے دیکھا کہ وہ بہت رو رہا ہے اور اپنے بھائی (کی وفات) پر روتا پیٹتا ہے۔ ہم اسے تسلی دینے تعزیت کرنے کے لئے بیٹھ گئے۔ ہم نے کہا کیا تم نہیں جانتے کہ موت سے فرار ممکن نہیں۔ اس نے کہا جی ہاں لیکن میں اس بات پر رو رہا ہوں کہ میرا بھائی صبح و شام عذاب میں مبتلا ہے۔ ہم نے اس سے کہا کہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے غیب پر مطلع کیا ہے؟ اس نے کہا یہ بات نہیں لیکن جب میں نے اسے دفن کر کے اس (کی قبر) پر مٹی برابر کر دی اور لوگ واپس چلے گئے تو میں قبر کے پاس بیٹھ گیا کہ قبر سے آواز آئی۔ وہ کہہ رہا تھا افسوس! انہوں نے مجھے تنہا بٹھا دیا' میں عذاب میں مبتلا ہوں حالانکہ میں نماز پڑھتا تھا اور روزہ بھی رکھتا تھا۔

(۱) الکبائر ص ۵۹۔



Marfat.com

فرماتے ہیں' اس کی گفتگو سے میں بھی رو پڑا۔ میں نے مٹی کھودی کہ اس کا حال دیکھو کہ اچانک میں نے دیکھا کہ قبر میں سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں اور اس کی گردن میں آگ کا طوق ہے۔ پس مجھے بھائی پر شفقت نے مجبور کر دیا میں نے اپنا ہاتھ بڑھایا تا کہ اس کی گردن سے طوق نکالوں چنانچہ اس سے میرا ہاتھ اور انگلیاں جل گئیں' پھر اس نے اپنا ہاتھ ہمیں دکھایا تو وہ جل کر سیاہ کوئلہ ہو گیا تھا۔ وہ شخص کہتا ہے کہ میں نے قبر پر دوبارہ مٹی ڈال دی اور واپس لوٹ آیا تو میں کس طرح اس کی حالت پر نہ روؤں اور غم نہ کھاؤں۔

ہم نے کہا تمہارا بھائی دنیا میں کیا اعمال کرتا تھا؟ اس نے کہا وہ اپنے مال کی زکوٰۃ نہیں دیتا تھا۔ فرماتے ہیں: ہم نے کہا یہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کی تصدیق ہے: ﴿وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ﴾(۱)'' اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ فضل میں بخل سے کام لیتے ہیں وہ ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ یہ ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ یہ ان کے لئے بُرا ہے۔ عنقریب قیامت کے دن ان کو اس مال کا طوق ڈالا جائے گا جس میں وہ بخل کرتے تھے''

اور تیرے بھائی کو قبر میں جلدی عذاب دیا گیا ہے جو قیامت تک جاری رہے گا۔ فرماتے ہیں پھر ہم اس کے پاس سے نکل کھڑے ہوئے اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس شخص کا واقعہ سنایا اور ان سے عرض کیا کہ یہودی اور عیسائی مرتے ہیں لیکن ہم ان میں یہ بات نہیں دیکھتے۔ انہوں نے فرمایا ان (یہود و

(۱) سورہ آل عمران ۱۸۰۔



Marfat.com

نصاریٰ) کے جہنم میں جانے کے بارے میں کوئی شک نہیں۔ یہ بات اللہ تعالیٰ تمہیں اہل ایمان کے بارے میں بتاتا ہے تاکہ تم عبرت حاصل کرو۔ ارشاد خداوندی ہے: ﴿ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ج وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ط وَمَآ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ﴾ (۱) ''پس جس نے دیکھا تو اپنے بھلے کو اور جو اندھا ہوا اپنے بُرے کو اور میں تم پر نگہبان نہیں۔

ہم اللہ تعالیٰ سے عفو و عافیت کا سوال کرتے ہیں' بے شک وہ جود و کرم کا مالک ہے۔

## قطع رحمی کتنا بڑا گناہ ہے؟

آقا علیہ السلام نے فرمایا بدلے کے طور پر نیکی کرنے والا صلہ رحمی کرنے والا نہیں بلکہ وہ شخص صلہ رحمی کرنے والا ہے جس سے تعلق توڑا جائے تو بھی وہ تعلق جوڑے۔ (۲)

ایک مالدار شخص بیت اللہ شریف کی طرف حج کے لئے گیا۔ جب مکہ مکرمہ پہنچا تو اس نے اپنے مال میں سے ایک ہزار دینار کسی شخص کے پاس بطور امانت رکھے اور وہ شخص امانت داری اور نیکی میں مشہور تھا۔ یہ امانت عرفات سے واپسی تک کے لئے رکھی گئی تھی۔ جب وقوف عرفات سے فراغت کے بعد مکہ مکرمہ پہنچا تو معلوم ہوا کہ وہ شخص فوت ہو چکا ہے۔ اس کے گھر والوں سے مال کے متعلق پوچھا تو پتا چلا کہ ان کو اس بات کا علم نہیں ہے۔ اب وہ مکہ مکرمہ کے علماء کے پاس آیا اور اپنا معاملہ بتایا۔ انہوں نے فرمایا آدھی رات کے وقت زمزم کے پاس آؤ اور اس کے اندر دیکھو اور اس شخص کا نام لے کر آواز دو اگر وہ اہل

(۱) سورۃ الانعام: ۱۰۴ (۲) بخاری ج ۲ ص ۸۸۶۔



Marfat.com

جنت میں سے ہوا تو پہلی بار ہی جواب دے گا' چنانچہ وہ شخص گیا اور چاہ زمزم میں آواز دی لیکن کسی نے جواب نہ دیا۔ اس نے واپس آ کر علماء کو بتایا۔ انہوں نے ''انا للّٰہ وانا الیہ راجعون'' پڑھا اور کہا کہ ہمیں ڈر ہے کہ وہ شخص جہنمی ہو' یمن میں جاؤ وہاں برہوت نام کا ایک کنواں ہے۔ کہا جاتا ہے وہ جہنم کے منہ پر ہے۔ رات کے وقت اس میں دیکھو اور نام لے کر پکارو اگر وہ جہنمی ہوا تو تجھے جواب دے گا۔ وہ یمن کی طرف چلا گیا اور کنوئیں کے بارے میں پوچھا تو لوگوں نے اس کا پتا بتایا۔ وہ رات کے وقت وہاں گیا اور کنویں میں دیکھتے ہوئے اس شخص کا نام لے کر آواز دی۔ اس نے جواب دیا تو پوچھا میرا سونا کہاں ہے؟ اس نے کہا میں نے اس کو گھر میں فلاں جگہ دفن کیا ہے اور میں نے اپنی اولاد کے پاس بھی امانت نہیں رکھا۔ ان کے پاس جاؤ اور اس جگہ کو کھودو تمہیں مل جائے گا۔ اس نے اس سے پوچھا کہ تمہیں یہ سزا کیوں ہوئی' ہم تو تیرے بارے میں اچھا گمان رکھتے تھے۔ اس نے کہا میری ایک بہن تھی جو محتاج تھی۔ میں نے اسے چھوڑ دیا میں اس پر شفقت نہیں کرتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس وجہ سے مجھے یہ سزا دی اور اس مقام تک اتارا۔

اس بات کی تصدیق صحیح حدیث شریف سے بھی ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (لا یدخل الجنة قاطع)(۱) رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

جیسے بہن' خالہ' پھوپھی اور بھتیجی وغیرہ رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اس کی اطاعت کی توفیق کا سوال کرتے ہیں' بے شک وہ جودوکرم کا مالک ہے۔

(۱) صحیح بخاری ج ۲ ص ۸۸۵۔



Marfat.com

## قبروں میں عذاب کی وجوہات:

عبدالملک بن مروان نے بیان کیا کہ ایک نوجوان غمگین اور روتا ہوا اس کے پاس آیا اور اس نے کہا اے امیر المؤمنین! مجھ سے بہت بڑا گناہ سرزد ہوا ہے۔ کیا میری توبہ قبول ہوگی؟ عبدالملک نے پوچھا تو نے کیا گناہ کیا ہے؟ اس نے کہا میرا گناہ بہت بڑا ہے۔ اس نے کہا اللہ تعالیٰ کے ہاں توبہ کر وہ اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا اور ان کے گناہ معاف کرتا ہے۔ اس شخص نے کہا اے امیر المؤمنین! میں قبریں اکھاڑا کرتا تھا۔ ایک دن میں نے ایک قبر کو کھودا تو قبر والے کا چہرہ قبلہ سے پھرا ہوا تھا۔ میں اس سے ڈر گیا اور نکلنے کا ارادہ کیا تو قبر میں کوئی کہہ رہا ہے کیا تو نہیں پوچھتا کہ اس کا چہرہ قبلہ سے کیوں پھیرا گیا ہے؟ میں نے کہا کیوں پھیرا گیا ہے؟ اس نے کہا یہ نماز کے معاملے کو ہلکا جانتا تھا۔ یہ اس کی برابر سزا ہے۔

پھر میں نے ایک اور قبر کو کھودا تو دیکھا کہ وہ شخص خنزیر کی شکل میں بدل گیا اور اس کی گردن میں زنجیریں ڈالی گئی ہیں۔ میں ڈر کر باہر نکلنے لگا تو کسی کہنے والے نے کہا کیا تم اس کے عمل کے بارے میں نہیں پوچھتے کہ اسے کس عمل کی سزا میں یہ عذاب ہو رہا ہے؟ میں نے پوچھا عذاب کیوں ہو رہا ہے؟ فرمایا یہ دنیا میں شراب پیتا تھا اور توبہ کے بغیر مر گیا۔

اور اے امیر المؤمنین میں نے تیسری قبر کھودی تو میں نے دیکھا کہ اس قبر والے کو آگ کی رسیوں سے زمین کے ساتھ باندھا ہوا ہے اور اس کی زبان گردن کی پچھلی طرف سے نکالی گئی ہے۔ میں ڈر کر واپس ہو گیا اور نکلنے لگا تو آواز آئی کیا اس کا حال نہیں پوچھو گے کہ اس کو کس وجہ سے اس سزا میں مبتلا کیا



Marfat.com

گیا؟ میں نے پوچھا اس کا کیا گناہ ہے؟ جواب آیا کہ یہ پیشاب سے نہیں بچتا تھا اور لوگوں کی باتیں ایک دوسرے تک پہنچاتا تھا (چغل خور تھا) تو یہ اس عمل کی سزا ہے۔

اور اے امیر المؤمنین میں نے چوتھے آدمی کی قبر کو کھولا تو دیکھا کہ وہ آگ کے شعلوں کی زد میں ہے۔ میں نے ڈر کر نکلنے کا ارادہ کیا تو کہا گیا کیا تم اس کی حالت کے بارے میں نہیں پوچھتے؟ میں نے کہا اس کا کیا حال ہے؟ کہا یہ نماز کا تارک تھا۔

اور اے امیر المؤمنین جب میں نے پانچویں قبر کو کھودا تو میں نے دیکھا کہ اس شخص کی قبر کو حد نگاہ تک کشادہ کیا گیا اور اس میں نور چمک رہا ہے اور میت اپنی چارپائی پر سو رہا ہے اس کا نور چمکتا ہے اور اس نے عمدہ کپڑے پہن رکھے ہیں۔ میں ہیبت زدہ ہوگیا اور نکلنے لگا تو کہا گیا اس کی حالت کے بارے میں نہیں پوچھتے کہ اسے یہ مقام کیسے ملا؟ میں نے کہا اس احترام کا سبب کیا ہے، مجھے بتایا گیا کہ یہ انسان اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور بندگی کرتے ہوئے جوان ہوا اس لئے ان نعمتوں سے نوازا گیا۔ عبدالملک نے کہا یہ نافرمانوں کے لئے عبرت ہے اور اطاعت کرنے والوں کے لئے خوشخبری ہے۔ (۱)۔

## آقا علیہ السلام نے فرمایا چغل خور جنت میں نہیں جا سکتا۔

منقول ہے کہ ایک شخص نے ایک غلام کو دیکھا جسے بیچا جا رہا تھا۔ اور وہ اس کے بارے میں اعلان کر رہا تھا کہ اس میں چغل خوری کے علاوہ کوئی عیب نہیں، پس اس نے اس کے عیب کو معمولی سمجھ کر خرید لیا۔ وہ اس کے ہاں چند دن

(۱) کتاب الکبائر ص ۱۰۱۔



Marfat.com

ٹھہرا پھر اپنے مالک کی بیوی سے کہنے لگا کہ میرا مالک تمہارے اوپر ایک اور شادی کرنا یا لونڈی لانا چاہتا ہے اور یہ بھی کہا کہ وہ تجھ سے محبت نہیں کرتا۔ اگر تم چاہتی ہو کہ وہ تم پر مہربان ہو اور اپنے ارادے کو چھوڑ دے تو جب وہ سو جائے تو استرا لے کر اس کی داڑھی کے نیچے سے کچھ بال مونڈ دینا اور کچھ بال اپنے پاس رکھ لینا۔ اس نے اپنے دل میں کہا ٹھیک ہے۔ عورت کا دل اسی طرف مشغول ہو گیا اور اس نے ارادہ کر لیا کہ جب اس کا خاوند سو جائے گا تو وہ یہ کام کرے گی۔

پھر وہ شخص اس کے خاوند کے پاس گیا اور کہا اے میرے سردار! میری مالکہ یعنی تمہاری بیوی کا تیرے علاوہ ایک دوست اور محبّ ہے اور وہ اس میں دلچسپی لیتی ہے۔ وہ تجھ سے چھٹکارا چاہتی ہے نیز اس نے آج رات تجھے ذبح کرنے کا ارادہ کیا ہے اگر تجھے یقین نہ آئے تو رات کو جھوٹ موٹ سو جانا اور دیکھنا کہ وہ کس طرح تمہاری طرف آتی ہے اور اس کے ہاتھ میں کوئی چیز ہوگی جس کے ساتھ وہ تمہیں ذبح کرنا چاہتی ہے۔ اس کے آقا نے اس کی تصدیق کی۔ پس جب رات کا وقت آیا تو عورت اُسترا لے کر آئی کہ اس کی داڑھی کے نیچے سے کچھ بال مونڈ دے جب کہ وہ شخص جھوٹ موٹ سویا ہوا تھا۔ اس نے دل میں کہا کہ غلام نے سچ کہا ہے جب عورت نے استرا رکھا اس کے حلق کی طرف جھکی تو وہ کھڑا ہو گیا اور اُسترا لے کر اس کے ساتھ اس عورت کو ذبح کر دیا۔ عورت کے گھر والوں نے آ کر دیکھا تو وہ قتل ہو چکی تھی۔ انہوں نے اس مرد کو بھی قتل کر دیا تو اس بدبخت غلام کی نحوست کے باعث وہ دونوں فریقوں کے درمیان لڑائی جاری ہو گئی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے چغل خور کا نام فاسق رکھا



Marfat.com

ہے۔ ارشادِ خداوندی ہے: ﴿اِنْ جَآءَ كُمْ فَاسِقٌ ۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًا ۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ﴾ (۱) ''اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لائے تو اس بات کی چھان بین کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ جہالت کے باعث کسی قوم تک پہنچ جاؤ، پھر اپنے کیے پر نادم ہو''



Marfat.com

## کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کا شرعی حکم

ہمارے دور میں مسجد کے ہال کی دونوں جانبوں میں کرسیاں رکھی جاتی ہیں اور بوڑھے لوگ جن میں سے بعض اچھے خاصے صحت مند بھی ہوتے ہیں، وہ کرسیوں پر بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں، بعض کرسیوں کے ساتھ میز بھی پیوست ہوتی ہے اور یہ لوگ اس پر بیٹھ کر اشاروں سے نماز پڑھتے ہیں، یہ لوگ بہر حال اتنے صحت مند اور توانا ہوتے ہیں کہ اپنے گھروں سے خود چل کر آتے ہیں اور جماعت کے بعد یہ لوگ کھڑے ہو کر دوسرے لوگوں سے باتیں بھی کرتے رہتے ہیں اور اگر یہ کبھی اتنی دیر سے آئیں کہ جماعت کھڑی ہو چکی ہو تو پچھلی صفوں میں کھڑے ہو کر صحت مند لوگوں کی طرح نماز بھی پڑھتے ہیں۔

صدر الشریعہ نے فقہاء کے حوالہ جات کے ساتھ کمزور یا بیمار آدمی کے زمین پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کے جواز کی جو حد اور صورت لکھی ہے، اس کے موافق ان لوگوں کا زمین پر بیٹھ کر نماز پڑھنا بھی جائز نہیں ہے چہ جائے کہ کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنا۔

نماز ایسی عبادت ہے، جس میں بدنی مشقت ہوتی ہے اور اس میں اللہ کے سامنے عجز و تذلل ہوتا ہے، جب کہ کرسی پر انسان کرّ وفر اور شان و شوکت سے بیٹھتا ہے، کرسی اقتدار کی علامت ہے اور نماز میں اللہ کے سامنے تذلل، افتقار اور احتیاج کا اظہار ہوتا ہے اور یہ اس وقت بہت ہی معیوب لگتا ہے جب یہ لوگ کرسی صف کے درمیان رکھ لیتے ہیں اور اس کرسی کی وجہ سے صف متصل نہیں رہتی اور صف کو متصل نہ رکھنے پر نبی ﷺ نے شدید وعید سنائی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنا نماز کی حقیقت اور اس کی روح کے خلاف



Marfat.com

ہے۔ اگر کوئی آدمی ایسا معزور ہے کہ وہ زمین پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا یا ڈاکٹر اسے گھٹنے موڑنے سے منع کر دے تو وہ ٹانگیں پھیلا کر زمین پر بیٹھ جائے، اور اگر اس کے کولہے کی ہڈی نرم ہے تو وہ اپنے کولہوں کے نیچے فوم کی گدی بچھا کر زمین پر بیٹھ جائے، معروف طریقہ سے تشہد میں نہیں بیٹھ سکتا تو چار زانو زمین پر بیٹھ جائے، بہرحال زمین پر بیٹھے۔

صحابہ کرام اور فقہاء تابعین کے زمانہ میں بھی بوڑھے اور کمزور آدمی ہوتے تھے لیکن کسی سے بھی یہ منقول نہیں ہے کہ انہوں نے کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھی ہو، حالانکہ اس زمانے میں بھی کرسیاں موجود تھیں۔ کرسی پر انسان آرام اور آسانی کے لیے بیٹھتا ہے اور نماز بدنی مشقت کا نام ہے یا انسان کرسی پر اقتدار اور تکبر کے اظہار کے لیے بیٹھتا ہے اور نماز اللہ کے سامنے عجز اور افتقار کا نام ہے اور یا انسان کرسی پر اپنے مرتبہ اور امتیاز کو دکھانے کے لیے بیٹھتا ہے اور اللہ کے سامنے انکسار کا نام ہے۔ انسان نے آج کے دور میں سہولت اور تعیش کی بہت راہیں اور صورتیں نکال لی ہیں، خدارا نماز اور عبادت کو تو اپنی سہولت اور تعیش کا ذریعہ نہ بنائیں!!!

(نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری، ابواب صفۃ الصلوٰۃ، باب:۸۲، ج:۲، ص:۶۳۳)



Marfat.com

## بد مذہبی کی بو

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نمازِ مغرب پڑھ کر مسجد سے تشریف لائے تھے کہ ایک شخص نے آواز دی۔ ''کون ہے کہ مسافر کو کھانا دے؟'' امیر المؤمنین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے خادم سے ارشاد فرمایا: اسے ہمراہ لے آؤ۔ وہ آیا (تو) اسے کھانا منگا کر دیا۔ مسافر نے کھانا شروع ہی کیا تھا کہ ایک لفظ اس کی زبان سے ایسا نکلا جس سے بد مذہبی کی بو آتی تھی، فوراً کھانا سامنے سے اٹھوالیا اور اسے نکال دیا۔ (ملخصا کنز العمال، کتاب العلم، قسم الافعال، الحدیث ۲۹۳۸۴ ج ۱۰ ص ۱۱۷)



Marfat.com

## آیت الکرسی کی فضیلت:

(۱) حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھتا ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ شکر گذار بندے کا دل، صدیقین کا عمل اور انبیاء کرام علیہم السلام کا ثواب عطاء فرماتا ہے اور اس کے اوپر اپنا دست رحمت پھیلاتا ہے اور وہ انتقال کرتے ہی جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔

(الدر المنثور، ج ۲، ص ۶ دار المعرفہ بیروت)

(۲) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور اس نے شکایت کی کہ اس کے گھر کی چیزوں میں کوئی برکت نہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم آیت الکرسی نہیں پڑھتے؟ جس کھانے اور سالن پر تم آیت الکرسی پڑھو گے اللہ تعالیٰ اس کھانے اور سالن میں برکت عطاء فرما دے گا۔

(الدر المنثور، ج ۲، ص ۶ بیروت، الترغیب والترھیب، ج ۲، ص ۲۹۹ دار الکتب بیروت)

## سورۃ یٰسٓ کی فضیلت:

(۱) حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: یٰسٓ قرآن کا قلب ہے، جو شخص بھی اللہ کی رضا اور آخرت کیلئے اسکو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے پچھلے گناہوں کی مغفرت فرما دے گا، تم یٰسٓ کو اپنے مُردوں پر پڑھا کرو۔

(ابوداؤد: رقم الحدیث: ۳۱۲۱، ابن ماجہ: رقم الحدیث: ۱۴۴۸)

(۲) حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے یہ حدیث پہنچی کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس دن کے ابتدائی حصہ میں



Marfat.com

یٰسٓ کو پڑھا اسکی حاجات پوری کر دی جائیں گی۔ (سنن دارمی: رقم الحدیث:۳۴۱۹)

## سورۃ واقعہ کی فضیلت:

(۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے ہر رات سورۃ واقعہ پڑھی وہ کبھی فاقے سے نہیں رہے گا۔ (شعب الایمان: رقم الحدیث:۲۴۹۸)

(۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اپنی عورتوں کو سورۃ واقعہ سکھاؤ کیونکہ یہ خوشحال کرنے والی سورت ہے۔ (مسند الفردوس: رقم الحدیث:۴۰۰۵، دارالکتب العلمیہ بیروت)

## سورۃ ملک کی فضیلت:

(۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک تعجب خیز چیز دیکھی، میں نے دیکھا کہ ایک شخص بہت گناہ کرتا تھا وہ فوت ہو گیا، جب قبر میں عذاب اسکے پیروں کی طرف سے آتا یا اسکے سر کی طرف سے آتا تو پرندوں کی ایک قطار کی شکل میں ایک سورت اسکے عذاب کو دور کرنے کیلئے جھگڑا کرتی اور کہتی: یہ شخص میری تلاوت کرتا تھا اور مجھ سے میرے رب نے وعدہ کیا کہ جو شخص ہمیشہ میری تلاوت کرے گا میں اسکو عذاب نہیں دوں گا، تو اس شخص سے عذاب دور ہو گیا اور مہاجرین وانصار علیہم الرضوان اس سورت کو سیکھتے تھے اور کہتے تھے وہ شخص نقصان زدہ ہے جس نے اس سورت کو نہیں سیکھا، وہ سورت ملک ہے۔ (الدر المنثور: ج،۸،ص،۲۱۸ بیروت)

(۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں: کہ ایک شخص نے لاعلمی میں قبر پر خیمہ لگا دیا، اس میں ایک انسان سورۃ ملک پڑھ رہا



Marfat.com

تھا حتیٰ کہ اس نے اسکو ختم کرلیا، پھر وہ نبی کریم ﷺ کے پاس گیا اور آپ ﷺ کو اسکی خبر دی، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ سورت ''المانعة'' اور'' المنجية '' ہے، یہ عذاب قبر سے نجات دیتی ہے۔

(ترمذی شریف: رقم الحدیث: ۲۸۹۰، شعب الایمان: رقم الحدیث: ۲۵۱۰)

(۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قرآن پاک میں ایک ایسی سورت ہے۔ جسکی تیس (۳۰) آیات ہیں جو بندے کے لئے شفاعت کرے گی یہاں تک کہ اسکی مغفرت ہوجائے گی۔ وہ سورۃ ''تبارک الذی بیدہ الملک'' ہے۔

(جامع ترمذی: حدیث: ۸۰۰، ابواب فضائل القرآن)

## سورۃ کہف کی فضیلت:

(۱) حضرت سیدنا معاذ بن انس جُہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، سول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو سورۃ کہف کی اوّل اور آخر سے تلاوت کرے گا اس کے سرتا پا نور ہی نور ہوگا، اور جو اس کی مکمل تلاوت کرے گا، اس کے لیے آسمان اور زمین کے درمیان نور ہوگا۔

(المسند للامام احمد بن حنبل حدیث معاذ بن انس الحدیث: ۱۵۶۲۶، ج ۵، ص، ۳۱۱)

(۲) حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی مکرم، نور مجسم ﷺ نے فرمایا: ''جو جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھے اس کیلئے دو جمعوں کے درمیان ایک نور روشن کردیا جاتا ہے''۔ ایک روایت میں ہے: ''جو شبِ جمعہ کو پڑھے اس کے اور بیتُ العتیق (یعنی کعبۃ اللہ شریف) کے درمیان ایک نور روشن کردیا جاتا ہے''۔ (شعب الایمان: حدیث ۲۴۴۴، ج ۲، ص ۴۷۴)



Marfat.com

وہ اعمال جن سے حق سبحانہ' وتعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل ہوتا ہے فرائض ہیں یا نوافل' فرضوں کے مقابلہ میں نفلوں کا کچھ اعتبار نہیں ہے' فرضوں میں سے کسی ایک فرض کا اس کے اپنے وقت میں ادا کرنا ہزار سال کے نوافل ادا کرنے سے بہتر ہے اگرچہ وہ نوافل خلوصِ نیت کے ساتھ ادا کیے جائیں' خواہ وہ نماز' زکوٰۃ' روزہ اور ذکر وفکر وغیرہ میں سے کوئی بھی نفل ہو بلکہ ہم کہتے ہیں کہ فرائض کے ادا کرنے کے وقت سنتوں میں سے کسی سنت کی اور مستحبات میں سے کسی مستحب کی رعایت کرنے کا بھی یہی حکم ہے (کہ نوافل ادا کرنے سے بہتر ہے)

منقول ہے کہ ''ایک روز امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فجر کی نمازِ جماعت سے فارغ ہونے کے بعد مقتدیوں کی طرف دیکھا تو اپنے ساتھیوں میں سے ایک شخص (سلیمان رضی اللہ عنہ ابن ابی حثمہ) کو اس وقت موجود نہ پایا' (دریافت) فرمایا کہ فلاں شخص جماعت میں حاضر نہیں ہوا؟ حاضرین نے عرض کیا کہ وہ رات کا اکثر حصہ جاگتا رہتا ہے گمان ہے کہ اس وقت سو گیا ہوگا' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر وہ تمام رات سوتا رہتا اور فجر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتا تو زیادہ اچھا ہوتا۔

پس کسی مستحب کی رعایت کرنا اور کسی مکروہ سے بچنا خواہ وہ مکروہ تحریمی نہ ہو' بلکہ مکروہ تنزیہی ہی ہو' ذکر وفکر اور توجہ ومراقبہ سے بہتر ہے۔ ہاں اگر ان



Marfat.com

امور (ذکر و فکر اور مراقبہ وغیرہ) کو مستحبات کی رعایت اور مکروہات سے بچنے کے ساتھ جمع کرے تو فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا (بہت ہی بڑی کامیابی ہے) وَبِدُوْنِهٖ خَرْطُ الْقَتَادِ (ورنہ بے فائدہ رنج اٹھانا ہے) مثلاً زکوٰۃ کے حساب میں ایک دانگ (چھ رتی وزن کا سکہ مراد ہے یعنی معمولی رقم) صدقہ کرنا جس طرح سے نفلی طور پر سونے کے بڑے بڑے پہاڑ صدقہ کرنے سے کئی درجہ بہتر ہے۔ اسی طرح اس دانگ کے صدقہ کرنے میں کسی مستحب کی رعایت کرنا مثلاً اس کا کسی قریبی محتاج کو دینا بھی اس (نفلی صدقہ) سے کئی درجہ بہتر ہے۔ لہذا عشاء کی نماز کو رات کے دوسرے نصف حصہ میں (آدھی رات کے بعد) ادا کرنا اور اس تاخیر کو قیامِ لیل (نمازِ تہجد کی تاکید) کا ذریعہ بنانا بہت ہی برا ہے' کیونکہ فقہائے احناف رضی اللہ عنہم کے نزدیک عشاء کی نماز کو اس وقت میں (یعنی آدھی رات کے بعد) ادا کرنا مکروہ ہے' بظاہر اس کراہت سے ان کی مراد کراہتِ تحریمہ ہے' کیونکہ ان کے نزدیک نماز عشاء کا آدھی رات تک ادا کرنا مباح ہے اور آدھی رات کے بعد ادا کرنا مکروہ کہا ہے' پس وہ مکروہ جو مباح کے بالمقابل ہے وہ مکروہ تحریمی ہے اور فقہائے شافعیہ رضی اللہ عنہم کے نزدیک آدھی رات کے بعد عشاء کی نماز ادا کرنا جائز ہی نہیں ہے۔ لہذا قیامِ لیل یعنی نماز تہجد کے لئے اور اس وقت میں ذوق وجمعیت حاصل ہونے کے لئے اس امر (تاخیرِ نمازِ عشاء بعد نصف شب) کا مرتکب ہونا نہایت برا ہے' اس مقصد کے لئے نمازِ وتر کی ادائیگی میں (بعد نصف شب تک) تاخیر کرنا بھی کافی ہے' اور یہ تاخیر مستحب بھی ہے' وتر بھی افضل وقت میں ادا ہو جاتے ہیں اور قیامِ لیل (نمازِ تہجد) اور صبح کے وقت جاگنے کا مقصد بھی حاصل ہو جاتا ہے لہذا اس عمل (تاخیر نمازِ عشاء بعد نصف



Marfat.com

شب ) کوترک کرنا چاہیے اور گذشتہ دنوں کی نمازوں کو پھر سے ادا کرنا چاہیے۔ امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ نے وضو کے مستحبات میں سے کسی ایک مستحب کے ترک ہونے کی وجہ سے چالیس سال کی نمازوں کو قضا فرمایا تھا (اقتباس از مکتوب نمبر ۲۹)

# جواہر اعلیٰحضرت رحمہ اللہ تعالیٰ

## فضائل مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

بلاشبہ جتنے فضائل وکمالات خزانۂ قدرت میں ہیں سب حضور اقدس ﷺ کو عطا فرمائے گئے' اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ (پ۱۲' یوسف:۶) ترجمہ کنزالایمان اور تجھ پر اپنی نعمت پوری کرے گا۔ شیخ عبدالحق محدثِ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوہ میں فرماتے ہیں۔

ہر نعمتے کہ داشت خداشد برو تمام

''اللہ عزوجل نے اپنی تمام نعمتیں حضور اقدس ﷺ پر تمام کردیں''۔

(مدارج النبوۃ بیان عقل ودرعلم' ج اول ص ۳۶)

# حیرت انگریز مقدمہ قتل

ایک فقیر مفلس بے نوا' نانِ شبینہ (یعنی روٹی) کو محتاج' شب کو دُعا کیا کرتا کہ ''الٰہی (عزوجل) رزقِ حلال عطا فرما'' اتفاقاً کسی شب ایک گائے اُس کے گھر میں گھس آئی۔ یہ سمجھا کہ میری دعا قبول ہوئی۔ یہ رزقِ حلال غیب سے مجھے عطا ہوا ہے۔ گائے پچھاڑ کر ذبح کی۔ اُس کا گوشت پکایا اور کھایا۔ صبح کو مالک کو خبر ہوئی۔ وہ سرکارِ نبوت (علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام) میں نالشی (یعنی



Marfat.com

... تو مالدار ہے اس محتاج نے ایک گائے ذبح کر لی تو کیا ہوا؟ وہ بگڑا اور کہا۔ یا نبی اللہ! میں حق چاہتا ہوں۔ فرمایا: ''اگر حق چاہتا ہے تو گائے اُسی کی تھی'' وہ اور برہم ہوا۔ فرمایا: ''نہ صرف گائے (بلکہ) جتنا مال تیرے پاس ہے سب اُسی کا ہے۔ وہ اور زیادہ فریادی ہوا تو فرمایا: ''تو بھی اسی کی ملک ہے اور اسی کا غلام ہے''۔ اب تو اُس کی بے تابی کی حد نہ تھی۔ فرمایا: ''اگر تصدیق چاہتا ہے ابھی ہمارے ساتھ چل''۔

اُس فقیر اور اُس گائے والے ہمراہ رِکاب لے کر جنگل کو تشریف لے گئے۔ واقعہ ... خلق کا ہجوم ساتھ ہولیا۔ ایک درخت کے نیچے حکم دیا کہ ''یہاں کھودو'' کھودنے سے انسان کا سر اور ایک خنجر جس پر مقتول کا نام کندہ (یعنی لکھا) تھا' برآمد ہوا۔ نبی اللہ (علیہ الصلوٰۃ والسلام) نے اُس درخت سے ارشاد فرمایا: ''شہادت (یعنی گواہی) ادا کر تو نے کیا دیکھا؟'' پیڑ نے عرض کی: ''یا نبی اللہ! (علیہ السلام) یہ اس فقیر کے باپ کا سر ہے' یہ گائے والا اُس کا غلام تھا۔ اس نے موقع پا کر میرے نیچے اپنے آقا کو اسی کے خنجر سے ذبح کیا اور زمین میں مع خنجر (یعنی خنجر کے ساتھ) دبا دیا اور اس کے تمام اموال پر قابض ہو گیا۔ اُس کا یہ بیٹا بہت صغیر سن (یعنی کم عمر) تھا' اس نے ہوش سنبھالا تو اپنے آپ کو ''بے کس و بے زر'' ہی پایا اور یہ بھی نہ جانا کہ اس کا باپ کون تھا اور اسکا کچھ مال تھا بھی یا نہیں؟ حکم باطن ثابت ہوا' غلام گردن مارا گیا (یعنی قتل کیا گیا) اور وہ تمام اموال وراثۃ فقیر کو ملے۔ (مثنوی شریف (مترجم) دفتر سوم' ص ۴۳۔۴۴۔۴۵)



Marfat.com